فضیلت ❖ ہر روز نماز ظہر کے بعد روٹی کے ٹکڑے پر باوضو حالت میں شہادت سے اس تسبیح ملائکہ کو سات مرتبہ لکھ کر کھا لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ذوق و شوق عبادت کے علاوہ ہمہ اقسام کی آفات و بلیات سے بھی محفوظ و مامون رہے گا۔

96-شہد کی مکھی یا بھڑ وغیرہ کاٹنے کا علاج

❖ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ (پارہ نمبر ۱۹ سورہ الشعراء آیت نمبر ۱۳۰)

ترجمہ ❖ اور جب کسی پر دارو گیر کرنے لگتے ہو تو بالکل جابر اور ظالم بن کر کرتے ہو۔

97-ہمہ اقسام کے امراض سے حفاظت

وظیفہ ❖ يَامَلِكُ يَاقُدُّوْسُ

فضیلت ❖ اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر اور مغرب ان کلمات کو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے جسم پر دم کرنے کا معمول بنا لے۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

98-پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا

وظیفہ ❖ يَاسَلَامُ الْمُؤْمِنُ

Scanned with CamScanner

فضیلت: سات یا گیارہ دن روزانہ اس شخص کو کسی میٹھی شے پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر تین سو مرتبہ ان اسمائے گرامی کو پڑھ کر کھلائی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے مریض صحت یاب ہوجائے گا۔

99- بے ہوشی دور کرنا

وظیفہ: یَارَحْمٰنُ یَاسَلَامُ

فضیلت: مریض کے سر کے اوپر باوضو حالت میں دایاں ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اسم الٰہی پڑھ کر پھونک لگائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض جلد ہوش میں آجائے گا۔

100- دردِ شقیقہ

وظیفہ: یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ

فضیلت: کوئی دوسرا فرد باوضو حالت میں سورج نکلنے سے قبل اپنی انگشت شہادت سے اس کے ماتھے پر ساتھ مرتبہ اس اسم الٰہی کو لکھے اور پھر اس کے سر کو پکڑ کر سات مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر دم کرتا ہوا ہاتھ کو پیشانی کی اندر جانب لاتا ہوا زور سے ہاتھ کو جھٹک دے۔ اور یہ عمل تین بار دہرائیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

101- زبان کی سوجن

وظیفہ: یَامُؤْمِنُ

فضیلت: سات یوم تک مسلسل پانی پر تین مرتبہ اسم الٰہی پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے زبان کی سوجن ختم ہوجائے گی۔

102- بھوک کی اذیت سے بچنا

وظیفہ: یَاقَابِضُ

فضیلت: چالیس یوم تک روٹی کے چار ٹکڑوں پر اسم الٰہی پانی انگشت شہادت سے لکھ کر کھائے گا۔ وہ بفضلہ باری تعالیٰ ہر وقت بھوک کی اذیت سے مبرا رہے گا۔

103- نظر بد کی دعا

وظیفہ: اَللّٰهُمَّ اصْرِفْ عَنْهُ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا

ترجمہ: اے اللہ تو اس سے اس کی گرمی اور سردی اور تکلیف دور کردے۔

وظیفہ 2: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ (بخاری شریف)

104- ہر جائز مقصد کا حصول

وظیفہ: یَابَاسِطُ بِحَقِّ یَالَطِیْفُ

فضیلت: روزانہ بعد از ہر نماز بہتر مرتبہ ان کلمات کو پڑھنے کا اپنا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسے اپنے ہر جائز مطلب اور مقصد میں کامیابی ہوگی۔

105- بے خوابی سے نجات

وظیفہ: یَامُتَکَبِّرُ

فضیلت: باوضو حالت میں سونے سے پہلے اکیس مرتبہ اسم الٰہی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے چپ چاپ سونے کی کوشش کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نہایت پرسکون نیند آئے گی۔

106- اولاد نرینہ کا حصول

وظیفہ: اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

فضیلت: اکیس یوم تک مسلسل روزے رکھے اور افطار کرتے وقت پانی پر اکیس مرتبہ اسم الٰہی پڑھ کر دم کر کے پیا کریں اور پھر اکیس یوم کے بعد اپنے خاوند سے ہم بستری کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ عزوجل اسے اولاد صالح نصیب فرمادیں گے۔

107- نافرمان اولاد کے لئے

وظیفہ: یَافَتَّاحُ یَاوَهَّابُ یَارَزَّاقُ یَامُعِزُّ یَارَافِعُ یَاسَلَامُ

فضیلت: چوبیس گھنٹوں میں اپنی سہولت کے مطابق ایک وقت مقرر کر کے اس وقت باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سو، سو مرتبہ اسمائے الٰہی بمعہ اول وآخر درود شریف گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی مسلسل مداومت سے اس کے جملہ دینی و دنیاوی مقاصد بخوبی کامیابی سے ہمکنار رہیں گے۔ بہت فائدہ مند اور مجرب ہے۔

Scanned with CamScanner

108-ناگہانی پریشانی سے نجات

وظیفہ: یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ

فضیلت: بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اسم الٰہی سو مرتبہ پڑھ کر پریشانی سے نجات کی دعا اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پریشانی بفضلہٖ باری تعالیٰ ختم ہو جائے گی۔

109-استخارہ

وظیفہ: یَاعَلِیْمُ

فضیلت: جمعہ کی شب کو بعد از نماز عشاء سجدے میں جا کر اسم الٰہی کا ایک سو ایک مرتبہ ورد کر کے اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا مانگیں اور خاموش ہو کر سو جائیں ان شاء اللہ تعالیٰ اسے اسی رات اس کام کے اچھے یا برے ہونے کا پتہ چل جائے گا۔

110-علم میں اضافہ

وظیفہ: رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

فضیلت: بعد از ہر نماز اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنا لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے علم میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا۔

111-روحانی طاقت بڑھانے کے لئے

وظیفہ: یَاحَیُّ

فضیلت: جو شخص اس اسم الٰہی کا ورد بکثرت کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی روحانی طاقت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

112-مصیبت کے وقت بے قراری میں دعا

قرآنی آیت: اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ

(پارہ نمبر ۱۹ سورۃ النمل آیت نمبر ۶۲)

ترجمہ: وہ ذات جو بے قرار آدمی کی سنتا ہے جب وہ اس کو پکارتا ہے اور اس کی مصیبت کو دور کرتا ہے۔

113-بے خوابی کی شکایت رفع کرنا

وظیفہ: یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

فضیلت: اگر کسی شخص کو بے خوابی یعنی نیند نہ آنے کی شکایت ہو تو وہ اسمائے مبارکہ کا بکثرت ورد کیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے خوابی کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

114-جلد شفاء کے لئے

وظیفہ: یَاحَیُّ

فضیلت: جو بیمار اسم مبارک کا ورد کثرت سے کرے گا، اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے جلد شفاء عطا فرمائے گا۔

115-زلزلہ سے بچاؤ کا وظیفہ

وظیفہ: یَاظَاهِرُ

فضیلت: اگر کسی مکان کی پیشانی یا دیوار پر اس اسم مبارک کو لکھ دیا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مکان اور دیوار زلزلہ کے نقصانات سے محفوظ رہے گی۔

116-بخشش کے لئے

وظیفہ: جو شخص ایک بار سورہ انعام کو پڑھے تو ستر ہزار فرشتے اس کے واسطے بخشش کی دعا کرتے ہیں۔

117-بچے کا بے تحاشہ رونا

وظیفہ: اگر کوئی بچہ بکثرت روتا ہو اور بہت ضد کرتا ہو تو سورہ رعد کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھے اس کی برکت سے رونا بند ہو جائے گا۔

118-روزگار کے لئے

وظیفہ: جو شخص روزگار کی تلاش میں پریشان ہو وہ سات بار سورہ مریم کو پڑھ کر دعا مانگے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز روزگار مل جائے گا۔

119-نیند نہ آئے تو یہ پڑھیں

قرآنی آیت: وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ (پارہ ۳۰ سورۃ النباء آیت نمبر ۹)

ترجمہ: اور ہم ہی نے تمہارے سونے کو راحت کی چیز بنایا۔

120- شہرت اور نیک نامی کے لیے

وظیفہ: یَاظَاهِرُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے لوگوں کے درمیان شہرت اور نیک نامی عطا فرمائے گا اور ہر جگہ اس کی عزت اور تعظیم وتکریم ہوگی۔

121- تکلیف مثانہ

وظیفہ: باوضو حالت میں سورہ مزمل ایک مرتبہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف تخمینا پڑھ کر پانی کی بوتل پر دم کر کے بنا لیں اور دن میں وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ پانی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے مثانہ کی تکلیف رفع ہو جائے گی چند یوم کے مسلسل عمل سے پیشاب کی جملہ تکالیف کا ازالہ ہوجاتا ہے۔

122- چھینکوں کا خاتمہ

وظیفہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَا كَانَ

فضیلت: بے تحاشہ چھینکیں آنے کی صورت میں ہر چھینک پر یہ الفاظ کہنے سے چھینکیں آنا بند ہوجاتی ہیں۔

123- ہر آفت سے بچاؤ

حضرت عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد

قرآنی آیات: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھا کرو۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہر صبح وشام تین تین دفعہ پڑھو ہر آفت سے نجات ملے گی۔ (مشکوٰۃ شریف وکتاب فضائل القرآن)

فضیلت: حضرت عبداللہ بن خبیبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پڑھ میں نے عرض کیا کیا پڑھوں۔ فرمایا پڑھ سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ الناس۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہر صبح وشام تین تین بار پڑھو۔ ہر آفت سے بچاؤ کے لئے کافی ہے۔

124- نظر بد سے دائمی حفاظت

وظیفہ: حَسْبِيَ اللّٰهُ الْحَسِيْبُ

فضیلت: ان کلمات کو روزانہ بعد از نماز فجر سترہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے نظر بد جیسے موذی مرض سے بفضلہ باری تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

125- ثابت قدمی اور استقامت کے لئے

وظیفہ: اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِيْ عَلٰى دِيْنِكَ وَالدُّنْيَاءِ

فضیلت: ہمہ اقسام کے دینی ودنیاوی کاموں میں استقامت وثابت قدمی کے لئے بعد از ہر نماز ان کلمات کو تین یا پانچ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگا کریں۔ ان شاء اللہ العزیز ہر کام بخوبی ہوجایا کرے گا۔

126- کشتی ڈوبنے سے حفاظت

وظیفہ: یَاحَفِیْظُ حِفْظْتَ یَاحَفِیْظُ

فضیلت: ان کلمات کو کشتی کے اگلے حصے پر لکھ دیں اور اپنے دائیں بازو پر بھی انگشت شہادت سے لکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کشتی غرق ہونے سے محفوظ رہے گی۔

127- عزت ومرتبہ کے لئے

وظیفہ: تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْ اِسْرَآءِيْلَ

فضیلت: جو کوئی عزت ومرتبہ کا خواہاں ہو تو بعد از نماز فجر گیارہ مرتبہ ان کلمات کو پڑھنے کا اپنا معمول بنا لے۔

128- دانت اور کان کا درد

جو کوئی چھینک کے بعد کہا کرے:

وظیفہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ

فضیلت: سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں ہر حالت پر جیسی بھی ہو تو اس کو دانت اور کان کے درد سے بچاؤ رہے گا۔ (حصن حصین ص ۱۶۳ وتحفۃ الذاکرین ص ۲۰۵)

Scanned with CamScanner

129-درد پتہ کا علاج

وظیفہ: اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى۝

فضیلت: درد پتہ میں مبتلا شخص کو کلمات بالا ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد پتہ سے مکمل نجات مل جائے گی۔

130-علاج داد

وظیفہ: فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ

فضیلت: ملتانی مٹی لے کر باوضو حالت میں اس پر کلمات بالا زعفران وگلاب سے لکھیں اور اسے پانی لگا کر داد پر لگائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے داد سے مکمل طور نجات مل جائے گی۔

131-کثرت حیض کا علاج

وظیفہ: صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ۝

فضیلت: جو کوئی عورت کثرت حیض کے مرض میں مبتلا ہو اور اسے کسی بھی لحاظ سے آرام نہ آتا ہو تو اس آیت مبارکہ کو سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں لکھیں اور اس کا موم جامہ کر کے مریضہ کے پیٹ پر باندھ دیں۔ ان شاء اللہ اس مرض سے نجات کاملہ مل جائے گی۔

132-بھوک کی زیادتی کا علاج

وظیفہ: وَفِى السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۝

فضیلت: جو کوئی بھی بھوک کی زیادتی کا شکار ہو اور اس شکایت سے بے حد تنگ ہو تو ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم کے اندر اندر اس مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات کاملہ مل جائے گی۔

133-آفیسر کا مہربان ہونا

وظیفہ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

فضیلت: غصہ ور آفیسر کو مہربان کرنے کے لئے اس کے سامنے جانے سے پہلے ساتھ

مرتبہ آہستہ آواز میں ان کلمات کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے جائیں۔

134-تضرع وزاری کے لئے

وظیفہ: يَا كَثِيْرَ الْخَيْرِ وَيَا دَآئِمَ الْمَعْرُوْفِ

فضیلت: ہر قسم کی مصیبت میں اللہ تعالیٰ عزوجل کے ہاں تضرع وزاری کے لئے ان کلمات کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا کیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس مشکل میں اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کا نعم البدل عطا فرما دیں گے۔

135-حاجت کا پورا ہونا

وظیفہ: جو شخص جس مطلب کے واسطے ختم سورۃ یٰسین کو پڑھے خداوند کریم اس کی حاجت پوری کرے گا۔

136-جادو کا اثر نہ ہوگا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ

فضیلت: یہ آیت مبارکہ لکھ کر بازو پر باندھیں اگر کوئی شخص اس پر جادو کرے گا تو جادو کا اثر نہ ہوگا۔

137-نیک اولاد کے لئے دعا

وظیفہ: رَبِّ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۝

ترجمہ: اے میرے رب میری اولاد میں میرے لئے صلاحیت پیدا کر دیجئے میں آپ کی جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

138-دل کی خواہش پوری ہونا

وظیفہ: يَا بَاطِنُ

فضیلت: جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کی ہر قسم کی جائز دلی خواہش پوری ہوگی۔

139-لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہو تو

وظیفہ: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ۝

Scanned with CamScanner

فضیلت: یہ حضرت زکریاؑ کی دعا ہے۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ نے فرمایا ہے اگر کسی شخص کا لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہو تو اس دعا کو روزانہ تینتیس مرتبہ پڑھے۔

140-غنا اور اطمینان قلب کے لئے

وظیفہ: آیت الکرسی تین مرتبہ سفر میں جاتے وقت اور تین مرتبہ گھر میں آنے کے وقت اور سفر میں سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھنا غنا اور اطمینانِ قلب کے لئے مجرب ہے۔

141-جسم کے اعضاء کی حفاظت کے لئے

وظیفہ: یَامُحْیِیُ

فضیلت: اگر کسی شخص کو بیماری کی وجہ سے اپنے جسم کے کسی عضو کے ضائع یا بیکار ہو جانے کا اندیشہ ہو تو وہ اس اسم مبارک کو ہر روز صبح شام و سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کے جسم کا کوئی عضو ضائع یا بے کار نہ ہوگا اور اس کے تمام جسمانی اعضاء سلامت اور محفوظ رہیں گے۔

142-تحصیل علم میں مشغول رہنے کے لئے

وظیفہ: یَامُمِیْتُ

فضیلت: اگر کوئی شخص جو تحصیل علم میں مشغول ہو، اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو پروردگارِ عالم اپنے فضل وکرم سے اور اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اسے عقل و ذہن اور فہم و ادراک کی تیزی سے بہرہ ور فرمائے گا۔

143-دل کا غنی اور تونگر بننا

وظیفہ: یَامَاجِدُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد کثرت سے کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے دل کا غنی اور تونگر بنا دے گا۔

144-دشمنوں سے محفوظ رہنے کا وظیفہ

وظیفہ: یَامُقَدِّمُ

فضیلت: جو شخص جنگ کے وقت اس اسم مبارک کی تلاوت کرے گا اور اللہ تعالیٰ عزوجل اسے قوت عطا فرمائیں گے اور دشمنوں سے محفوظ رکھیں گے۔

145-شفائے کامل کی دعا

وظیفہ: اَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَاکَ

ترجمہ: میں اللہ سے جو عرشِ عظیم کا مالک ہے۔ دعا کرتا ہوں کہ تجھے شفاء عطا فرما دے۔ (ابوداؤد)

فضیلت: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ جو مسلمان کسی مسلمان کی بیمار پرسی کو جا کر سات مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھے۔ موت کے سوا اللہ تعالیٰ تمام تکالیف رفع کر دیتا ہے۔

146-مرض باسور کے لئے

وظیفہ: جو فرد باسور کے تکلیف دہ مرض میں مبتلا ہو جائے تو ایسے شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر روز گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی دن میں وقفے وقفے سے استعمال کرے اکیس یوم میں اس مرض سے بفضل تعالیٰ عزوجل نجات مل جائے گی اور بیماری کا نام ونشان باقی بھی نہیں رہے گا۔

147-ٹڈیوں کا خاتمہ

وظیفہ: اگر کسی کھیت یا علاقے میں ٹڈی دل کا حملہ ہو گیا ہو تو ایسی حالت میں یہ لازم ہے کہ ٹڈیوں میں سے ایک زرد اور ایک سرخ رنگ کی ٹڈی کو پکڑے اور ہر ایک پر سات سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کے بعد ان ٹڈیوں کو کھیت یا باغ میں چھوڑ دے۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

148-مردانہ قوت کے لئے

وظیفہ: اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا

فضیلت: روزانہ ایک ہزار مرتبہ دس دن تک پڑھیں پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پی لیں۔

Scanned with CamScanner

149-آسیب زدہ کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فضیلت: مجنوں یا آسیب زدہ پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے آسیب اور جنون جاتا رہے گا۔

150-سفر میں جان و مال کی حفاظت کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ بِاللّٰهِ الْكَافِيْ. قَصَدْتُ الْكَافِيْ. لِكُلِّ كَافٍ. كَفَانِي الْكَافِيْ. وَنِعْمَ الْكَافِيْ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ.

فضیلت: اس دعا کو سفر میں جانے سے پہلے ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے سے مال و جان محفوظ رہیں گے۔

151-جادو وسحر کا علاج

وظیفہ: اگر کوئی شخص معوذتین (سورہ فلق و سورہ الناس) کو دفعہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ سحر و جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

152-اپنی محبت میں گرفتار کرنا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فضیلت: اگر کسی شخص کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو بارش کے پانی پر تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلانا چاہیے۔

153-سب دشمن کا صفایا

وظیفہ: سورہ اللھب کو ہر روز سات مرتبہ پڑھنے سے سب دشمن ہلاک ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

154-تپ دق کا علاج

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اَلرَّحِيْمُ. اَلرَّحِيْمُ. اَلرَّحِيْمُ

فضیلت: اگر کوئی شخص تپ دق میں مبتلا ہو تو چینی کی تین رکابیوں پر ان کلمات کو لکھ کر

ایک رکابی صبح، ایک شام اور ایک رات کو پانی سے دھو کر وہ پانی اس شخص کو نوے دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفا ہو گی۔

155-برائے بہبودی اطفال

وظیفہ: يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ اٰجِرْنَا

فضیلت: ان کلمات کو باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سات یوم تک پڑھ کر بچوں کو دم کرنے سے ان کی فلاح و بہبود بفضلہ باری تعالیٰ ہو جائے۔

156-دنیا کی نظروں میں معتبر ہونے کے لئے

وظیفہ: يَا جَبَّارُ

فضیلت: اگر اس اسم مبارک کو انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے گا تو دنیا کی نظروں میں عزیز و مقبول ہو گا۔

157-دانت میں درد کی دعا

حضرت ابن عباس ؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس کے دانت میں درد ہو وہ اپنی انگلی اس جگہ رکھ کر یہ آیت پڑھے۔

آیات: هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (سورۃ ملک آیت نمبر ۲۳ پارہ نمبر ۲۹)

ترجمہ: وہی ایسا قادر ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیا مگر تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو۔

ایک اور جگہ لکھا ہے کہ جس شخص کے دانت میں درد ہو وہ انگلی اپنی درد والے دانت پر رکھ کر یہ دعا پڑھے ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔

وظیفہ: يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

158-برائے حصول محبت

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

Scanned with CamScanner

فضیلت: اگر تین سو تیرہ مرتبہ مداومت کے ساتھ پڑھتے رہیں تو تمام لوگوں کے دل اس کے لیے مسخر ہو جائیں گے۔

159-لڑائی یا مقابلے کا وظیفہ

وظیفہ: یَاخَالِقُ

فضیلت: جو شخص لڑائی یا مقابلے کے وقت تین سو دفعہ اس اسم مبارک پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کا دشمن مغلوب ہوگا اور اسے مقابلے میں اپنے حریف پر فتح حاصل ہوگی۔

160-امتحان میں کامیابی کا وظیفہ

وظیفہ: یَافَتَّاحُ

فضیلت: اگر کوئی طالب اس اسم مبارک کا ورد اس کے اعدد کے بمطابق یعنی چار سو نواسی (489) مرتبہ روزانہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اور اپنے فضل وکرم کے ساتھ اسے امتحان میں کامیابی عطا فرمائے گا۔

161-قبر کی تنگی کے لئے

وظیفہ: جو شخص ہر جمعرات کو سورہ القیامۃ کی تلاوت کرے گا تو ان شاء اللہ وہ قبر کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔ منکر نکیر سہل سوال پوچھیں گے۔

162-صحت یابی کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: اگر کوئی شخص جسمانی درد یا سر درد میں مبتلا ہو تو سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ صحت یاب ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

163-کند ذہن بچے کا ذہن کھلنا

وظیفہ: یَااَللّٰہُ

فضیلت: جو شخص صبح نہار منہ تازہ روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ اس اسم کو لکھ کر کند ذہن بچے کو کھلائے گا اور سات دن، گیارہ دن یا اکیس دن (جیسی ضرورت ہو) یہ عمل

کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز کند ذہن بچے کا ذہن کھل جائے گا۔

164-گناہوں کی معافی کے لئے دعا

قرآنی آیت: وَالَّذِیْٓ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓــَٔتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ ؀

(پارہ نمبر ۱۹ سورۃ الشعراء آیت نمبر ۸۲)

ترجمہ: اور جس سے مجھ کو یہ امید ہے کہ میری خطا کو قیامت کے روز معاف فرمائے گا

165-پیاس نہ بجھتی ہو تو

وظیفہ: اِیَّاکَ

فضیلت: جس شخص کو پیاس کا مرض ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ سورۂ واقعہ کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات دن تک پلانا مرض میں افاقہ پیدا کرتا ہے۔

166-مصیبت کے وقت پڑھیں

وظیفہ: اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

ترجمہ: بے شک ہم اللہ کے ہی ہیں اور بیشک ہم اسی کے پاس پھر جانے والے ہیں۔

فضیلت: حضرت حسین نواسہ رسول فرماتے ہیں کہ کسی مسلمان پر کوئی مصیبت آئے تو وہ اِنَّا لِلّٰہِ اِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھے۔

167-خرید وفروخت کے لئے

وظیفہ: جو شخص اس سورت کو خرید وفروخت کے وقت پڑھے گا اسے کسی طرح کا نقصان یا خسارہ نہ پہنچے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

168-بری عادتوں سے محفوظ رہنے کے لئے

وظیفہ: اگر کسی کو شراب پینے کی اور راگ ورنگ میں مصروف رہنے کی عادت ہو تو وہ سورۃ المؤمنون لکھ کر گلے باندھ لے اس کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ تمام بری عادتیں ختم ہو جائیں گی۔

169-قبر کے عذاب کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: اگر کفن پر ستر بار لکھ دیں تو میت عذاب قبر سے محفوظ رہے گی۔ منکر نکیر کا سوال سہل ہوجائے گا۔

170-ہر قسم کا اندیشہ دور ہو

وظیفہ: سورہ روم کو اکیس دفعہ روزانہ پڑھنے سے ہر قسم کی فکر و اندیشہ دور ہوجاتی ہے۔

171-تمام امور میں آسانی

وظیفہ: یَا اَللّٰہُ

فضیلت: جو شخص نماز جمعہ سے قبل طہارت وصفائی اور سکون قلب کے ساتھ سو بار اس اسم مبارک کا ورد کرے اللہ تعالیٰ عزوجل اس کے تمام امور آسان فرمائیں گے۔

172-کمال یقین کے ساتھ رزق ملنا

وظیفہ: یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ

فضیلت: جو شخص یومیہ بلاناغہ اس اسم مبارک کی ایک ہزار مرتبہ تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ عزوجل اسے کمالِ یقین کے ساتھ رزق عطا فرمائے گا۔

173-گھر میں امن ہو

وظیفہ: اگر سورہ روم کو لکھ کر شیشے میں رکھے اور شیشہ کا سر روزمرہ ہلائے۔ ان شاء اللہ العزیز اس کی برکت سے سارا گھر امن میں رہے گا۔

174-مرض کا دور ہونا

وظیفہ: اگر مریض کے واسطے سورہ سجدہ کو مشک وزعفران سے چینی کے برتن میں لکھ کر اور گھول کر مریض کو پلائی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز فوری اثر ہوگا۔

175-سر درد کی دعا

وظیفہ: یَا مُجِیْبُ

فضیلت: داہنے ہاتھ سے سر پکڑ کر اول تین مرتبہ یَا مُجِیْبُ پڑھ کر دم کرے پھر دوسرے مرتبہ پانچ دفعہ پھر تیسری مرتبہ سات دفعہ پھر چوتھی مرتبہ نو دفعہ پانچویں مرتبہ گیارہ دفعہ۔ ان شاء اللہ سر درد جاتا رہے گا۔

176-مرگی کا مرض رفع ہونا

وظیفہ: سورہ سجدہ کو لکھ کر صرع والے کے گلے میں ڈالنے سے مرگی کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔

177-ہر ضرورت پوری ہو

وظیفہ: اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

فضیلت: اس آیت مبارک کو روزانہ پڑھنے سے ہر ایک ضرورت اور حاجت پوری ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

178-جوڑوں اور گھٹنوں کے درد کے لئے

وظیفہ: یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ

فضیلت: ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ ان کلمات کو اور یَا حَیُّ کو ستر مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ درد ختم ہوجائے گا۔

179-مچھلیوں کے شکار کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: مچھلیوں کا شکار کرنے کے لیے سیسہ کے ایک ٹکڑے پر تین بار لکھ کر جال میں باندھیں تو شکار خوب ہاتھ آئے گا۔

180-خاوند کے غصہ کو دور کرنا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: جس عورت کے خاوند کو غصہ آتا ہو تو جب بھی شوہر کو پانی دے بیس مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے غصہ دور ہوجائے گا۔

181-عبادت میں دل نہ لگتا ہو تو

وظیفہ: یَا اَللّٰہُ یَا غَفَّارُ یَا قَادِرُ

فضیلت: جو شخص ایک [illegible] بیس مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ ان کلمات کو پڑھے گا تو ان شاء اللہ اس کا عبادت میں دل لگ جائے گا۔

182-اولاد کے حصول کے لئے

وظیفہ: یَاخَالِقُ یَابَارِئُ یَامُصَوِّرُ

فضیلت: بے اولاد عورت اس اسم مبارک پر اس طرح عمل کرے کہ سات روزے رکھے اور ہر روزہ افطار کے وقت ان تین ناموں کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور اسی پانی سے افطار کرے تو اسے اولاد حاصل ہوگی۔

183-کمر درد سے چھٹکارا پانا

وظیفہ: یَااَللّٰهُ یَاحَکِیْمُ

فضیلت: اگر کسی کے کمر میں درد ہو تو پانچوں وقت کی نماز ادائیگی سے ادا کرے اور ظہر کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ ان کلمات کا ورد کرے ان شاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

184-بانجھ پن کا علاج

وظیفہ: اگر چینی کے برتن پر سورۂ یٰسین لکھ کر اور عرق گلاب سے دھو کر بانجھ پن عورت کو پلایا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز وہ صاحب اولاد ہو۔

185-کشائش رزق اور حصول مکان کے لئے

قرآنی آیت: سورۃ لیلۃ القدر باوضو پڑھیں۔ اول آخر درود شریف پھر دعا حاجت مانگیں۔ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ۔ ہر نماز کے بعد سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ پڑھنا بھی فراخی رزق کا موجب ہے۔

مندرجہ ذیل آیت لکھ کر دوکان میں چسپاں کر دیں۔ ان شاء اللہ رزق کی فراخی نصیب ہوگی۔

قرآنی آیت: وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (پارہ نمبر ۸ سورۃ الاعراف آیت نمبر ۱۰)

ترجمہ: اور بیشک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمہارے لئے اس میں سامان زیست پیدا کیا۔ تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

فضیلت: اگر کسی کے پاس مکان نہ ہو یا روزی کا ذریعہ نہ ہو تو اس آیت کو بکثرت

پڑھیں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

186-تمام آفات سے محفوظ

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: جو بچہ سوتے ہوئے چونک پڑتا ہو، ڈر جاتا ہو۔ ایک کاغذ پر اکیس مرتبہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

187-دست کی بیماری

وظیفہ: بسم اللہ شریف کے ساتھ چودہ مرتبہ سورۂ قدر پڑھ کر دم کر کے پانی نہار منہ پئیں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

188-اگر نیند نہ آتی ہو تو

وظیفہ: لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝

فضیلت: رات کو سوتے وقت سو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ان کلمات کو بار بار دہرائے ان شاء اللہ بہت اچھی نیند آئے گی۔

189-رفع دیوانگی کے لئے

وظیفہ: اِیَّاكَ

فضیلت: تین دن تک صبح وشام سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرنا اور ہر مرتبہ ختم سورۃ پر تھوک منہ میں جمع کر کے دیوانے پر ڈالنا بھی رفع دیوانگی کے لئے مجرب ہے۔

190-پیداوار میں اضافہ کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: اگر ایک سو گیارہ مرتبہ کاغذ پر لکھ کر باغ میں دفن کرے تو پیداوار خوب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

191-نوکری نہ ملتی ہو تو

وظیفہ: یَااَللّٰهُ یَابَاسِطُ

فضیلت: روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ان

کلمات کو پڑھیں اچھی نوکری مل جائے گی۔

192-گھر سے جنات دور کرنے کا وظیفہ

وظیفہ: سورۂ نصر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں اکتالیس دن تک چھڑکیں ان شاء اللہ مکان سے جن چلا جائے گا۔

193-سستی کاہلی دور کرنا

وظیفہ: یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

فضیلت: فجر کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک اس اسم کو پڑھے اس کی سستی وکاہلی ان شاء اللہ دور ہو جائے گی۔

194-معدہ کمزور ہو گیا ہو تو

وظیفہ: کسی کے معدہ میں اگر کمزوری ہو تو سورۂ قدر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائیں تین دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

195-درد شقیقہ

وظیفہ: درد کی جگہ پکڑ کر ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ خَیْرُ الْاَسْمَآءِ

وظیفہ: رَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

اس کو تین تین بار پڑھ کر دم کرے اللہ صحت دے گا۔

196-جگر میں درد ہو تو

وظیفہ: تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ۝

فضیلت: جگر کی بیماری دور کرنے کے لئے سورہ رحمٰن کی اس آیت مبارک کو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

197-جن، بھوت کا ڈر ختم کرنے کا وظیفہ

وظیفہ: اگر سفید حریر کے ٹکڑے پر سورہ بنی اسرائیل کو لکھ کر کمان پر باندھے تو اس کا تیر کبھی خطا نہ جائے جن بھوت وغیرہ کا خوف دور کرنے کے لیے مفید ہے۔

198-آنکھوں کے لئے

قرآنی آیت: لَقَدْ كُنْتَ فِیْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝ (سورہ ق:۲۲)

فضیلت: اس آیت کریمہ کو تین بار نماز پنجگانہ کے بعد پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرنا نہایت ہی مفید ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز آنکھوں کی بینائی خراب نہ ہوگی۔

199-رزق کی تنگی دور ہو

وظیفہ: اِیَّاکَ

فضیلت: اس شخص کو کو چاہیے کہ سورہ الذاریت کو پچھتر (75) بار پڑھے اس کی برکت سے رزق میں فراخی ہو اور تنگ دستی جاتی رہے، دولت و مال ہاتھ آئے گا۔

200-دل کی مراد پوری ہو

وظیفہ: اگر حصول حاجات کے لئے کوئی شخص سورۃ النجم کو اکیس بار پڑھے اس کے دل مراد ان شاء اللہ پوری ہو۔

201-غلہ میں اضافہ کے لئے

وظیفہ: اگر جمعہ کے دن سورہ الجمعہ صدف کے ٹکڑے پر لکھ کر مال یا غلہ وغیرہ میں رکھی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز برکت ہوگی اور محافظت کے لئے مفید ہے۔

202-چوروں سے محفوظ رہنے کے لئے

وظیفہ: اِیَّاکَ

فضیلت: جو کوئی سورۃ التغابن کو سات مرتبہ پڑھے عمر و دولت زیادہ ہو اور چوروں سے مال محفوظ رہے گا اگر بڑھ کر دشمن کے سامنے مقابلہ کرنے کے لیے پڑھے تو اس پر فتح حاصل ہوگی۔

203-تقویت نظر کے لئے

وظیفہ: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝

Scanned with CamScanner

اول آخر درود شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے اگلے سروں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر دیں اور اس کا عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ مرتے دم تک نظر کمزور نہ ہوگی۔

204-دل کو اطمینان نصیب ہو

وظیفہ: جو شخص سورہ طلاق کو تین مرتبہ پڑھے حیرانی و پریشانی دور ہوگی دل کو اطمینان ان شاء اللہ حاصل ہوگا۔

205-مرگی کا علاج

وظیفہ: جو کوئی سورۃ التحریم کو اکیس بار پڑھ کر مرگی کے مریض کو دم کرے گا تو ان شاء اللہ اس کو آرام آجائے گا۔

206-پھوڑا پھنسی کے لئے

وظیفہ: اگر سورہ مرسلات کو لکھ کر یا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تمام بیماریوں سے امن میں رہے گا اور پھوڑا پھنسی وغیرہ نہ ہوگی۔

207-بخار کے لئے

وظیفہ: اگر بخار والا شخص سورۃ الانفطار کو پانی میں گھول کر غسل کرے تو ان شاء اللہ اس کا بخار جاتا رہے گا۔

208-ستاروں کا علم جاننا

وظیفہ: سورۃ البروج کو ہمیشہ پڑھنے والا ستاروں کے علم سے واقف ہوگا اور اس کے بدگویوں کی زبان بند ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

209-احتلام سے محفوظ رہنا

وظیفہ: اِیَّاكَ

فضیلت: جو شخص رات کو سوتے وقت سورۃ طلاق کی پہلی دس آیات کی تلاوت کر کے سوئے گا ان شاء اللہ تعالیٰ وہ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

210-گم شدہ چیز کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝

پڑھیں اور تلاش کریں۔ چیز ان شاء اللہ مل جائے گی۔ مصیبت کے وقت بھی اسے پڑھو۔

211-اولادِ نرینہ پیدا ہو

وظیفہ: شروع مہینہ حمل میں اگر حاملہ کی داہنی پسلی پر سورۃ الاعلیٰ کو لکھا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اولادِ نرینہ پیدا ہوگا۔

212-نظر کی کمزوری کے لئے

کلمات: مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝

(سورہ نجم: ۱۷، ۱۸)

فضیلت: ضعف بصارت کی شکایت رفع کرنے کے لیے تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ ان مبارک آیتوں کا پڑھنا نہایت ہی مفید ہے۔

213-دل کے درد کے لئے

وظیفہ: اگر کوئی شخص چینی کی پلیٹ پر سورۃ فاتحہ لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی دل کے مریض کو پلائے تو بفضل باری تعالیٰ وہ درد رفع ہو جائے گا۔

214-مصیبت سے بچنے کا وظیفہ

وظیفہ: یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

فضیلت: اگر کوئی شخص کسی سخت مصیبت یا آفت میں پھنسا ہوا ہو اور اس مصیبت سے خلاصی کی کوئی صورت اسے نظر نہ آتی ہو تو وہ عشاء کی نماز کے بعد سر سجدے میں رکھ کر حالت سجدہ میں سو مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے سخت سے سخت، مصیبت اور شدید آفت سے نجات عطا فرمائے گا۔

215-شیاطین کے شر سے بچاؤ کا عمل

وظیفہ: یَا حَافِظُ

فضیلت: جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا، اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل

Scanned with CamScanner

وکرم سے اسے ظالموں کے ظلم، حاکموں کے خوف شیاطین کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ نیز اللہ تعالیٰ عزوجل کی مہربانی سے وہ چرند، پرند، درند اور حشرات الارض سے محفوظ و مامون رہے گا۔

216- خاندانی نااتفاقی یا دشمنی کے لئے

قرآنی آیت: وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝

ترجمہ: ان کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب دور کردیں گے کہ سب بھائی بھائی کی طرح الفت ومحبت سے رہیں گے۔ (پارہ نمبر ۱۴ آیت نمبر ۴۷ سورۃ الحجر)

ہر فرض نماز کے بعد پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مقصد حاصل ہوگا۔

217- شفاء کے لئے

وظیفہ: یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ

فضیلت: کسی کاغذ پر ان کلمات کو تین دفعہ تحریر کرکے بطور تعویز بخار کے مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے اور آٹھ پہر (ایک دن رات) گزرنے پر اتار کر کسی کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔ امید تو یہی ہے کہ پہلی بار ہی صحت ہوگی ورنہ تین بار نیا تعویز لکھ کر یہی عمل دہرایا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز شفا ہوگی۔

218- مقصد کی کامیابی کے لئے

وظیفہ: اَللّٰهُ الصَّمَدُ

فضیلت: اگر کسی شخص کی محبت کو حاصل کرنا، اسے اپنی طرف متوجہ ومائل کرنا یا تسخیر کرنا مطلوب ہو تو ان کلمات کو پان پر لکھ کر یا کھانے کی کسی چیز پر پڑھ کر دم کرکے اسے کھلایا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مقصد حاصل ہوگا۔

219- شفائے کاملہ نصیب ہو

وظیفہ: یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

فضیلت: اگر کوئی شخص کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس کے علاج سے عاجز آکر طبیب اور ڈاکٹر اسے لاعلاج قرار دے چکے ہوں تو وہ عشاء کی نماز کے بعد سر سجدے میں رکھ کر

حالت سجدہ میں سومرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

220- دشمن سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو

قرآنی آیت: قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ (پارہ نمبر ۱۰ آیت نمبر ۵۱ سورۃ التوبہ)

ترجمہ: آپ فرما دیجئے کہ ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑھ سکتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے مقدر فرمایا ہے۔ وہ ہمارا مالک ہے اور مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ کرنا چاہئے۔

فضیلت: یہ پڑھنے سے ان شاء اللہ دشمن کی اذیت وتکلیف سے محفوظ رہے گا۔

221- جادو کا علاج

وظیفہ: سورہ الحمد کو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان بسم اللہ کا آخری میم الحمد کے نام سے ملا کر اکتالیس بار چالیس دن تک روزانہ پڑھتے اور پانی پر دم کرکے بیمار یا جس پر جادو کیا گیا ہو اس کو پلانا نہایت مفید اور شافی الامراض ہے۔

222- شیطان کے عمل دخل سے بچنے کا عمل

وظیفہ: جس گھر میں سورۃ البقرہ ہمیشہ پڑھی جائے اور اس میں شیطان کا عمل دخل نہیں ہوتا۔

223- قرض سے نجات پانے کا وظیفہ

وظیفہ: جو شخص قرض دار بہت ہو اور اس کو ادا کرنے کی قوت نہ رکھتا ہو یا قرض خواہ تنگ کرتے ہوں تو سورہ ال عمران کو تیرہ دفعہ پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس شخص کو قرضہ سے نجات ملے گی۔

224- کھویا ہوا عہدہ واپس ملنا

وظیفہ: اگر کوئی ملازم اپنے عہدہ سے معزول کیا گیا ہو تو اس کو ہمیشہ کے پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز وہ اپنے کھوئے ہوئے عہدہ پر پھر واپس بحال ہو جائے گا۔

Scanned with CamScanner

225-دشمن کا فرمانبردار ہونا

وظیفہ اگر سورہ نحل کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام دشمن اس کے فرمانبردار اور تابعدار ہوں گے۔

226-کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف ہو

راستے میں کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو اس پر یہ پڑھیں۔

وظیفہ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ○ (پارہ نمبر ۱ سورۃ البقرۃ آیت نمبر ۱۸)

ترجمہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں سو یہ اب رجوع نہ ہوں گے۔

227-ہر مصیبت سے بچنے کا عمل

وظیفہ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

فضیلت جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا، اللہ تعالیٰ عزوجل اسے ہر آفت، ہر مصیبت سے بچا کر اپنی امان میں رکھے۔

228-فصیح زبان کے لئے

وظیفہ اگر کوئی بچہ کم بولتا ہو تو اس کے وارث کو چاہئے کہ سورہ بنی اسرائیل کو مشک زعفران سے لکھ کر اس بچہ کو پلا دے اس کی برکت سے بچہ فصیح زبان ہو جائے گا۔

229-روشن دل کے لئے

وظیفہ اگر غلہ کی کوٹھی میں رکھیں تو ہر طرح سے حفاظت رہتی ہے ہر روز صبح پڑھنا باعث کشائش رزق ہے جو کوئی سورہ الکہف کو جمعہ کے بعد ایک بار پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دوسرے جمعہ تک اس کا دل نور سے روشن رہے گا۔

230-جلد نکاح کے لئے

وظیفہ جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو وہ خود یا اس کے وارثوں سے جو کوئی سورہ طٰہٰ کو اکیس دفعہ پڑھے گا بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد اس کا نکاح ہو جائے گا۔

231-اولاد نرینہ اور رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے

قرآنیات وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ اَنْھٰرًا○ (پارہ ۲۹ سورۃ نوح آیت نمبر ۱۲)

ترجمہ اور (اللہ) تمہارے مال اور اولاد میں ترقی دے گا اور تمہارے لئے باغ لگا دے گا اور تمہارے لئے نہریں بہا دے گا۔

فضیلت کسی کے ہاں اولاد نرینہ نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی ۹ مہینے تک ۱۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے بھی اس دعا کو روزانہ سات مرتبہ پڑھا جائے۔

232-عزت پانے کے لئے

وظیفہ جو شخص از روئے اعتقاد ترقی مراتب و فراخی رزق کے لئے سورہ الزمر کو سات دفعہ پڑھے خدا اسے عزت و حرمت بخشے۔

233-زخم کا درست ہونا

وظیفہ جو شخص زخموں کی کثرت سے عاجز ہوا سے چاہئے کہ سورہ مومن کو لکھے اور تعویز بنا کر اپنے بازو پر باندھے اس کی برکت سے تمام زخم درست ہو جائیں گے اور صحت حاصل ہوگی۔

234-بدزبان اور چغل خوروں کے لئے

وظیفہ بدزبان اور چغل خوروں کے دفعہ کرنے کے لئے سورہ جاثیہ کو تین دفعہ پڑھے اس کی برکت سے وہ لوگ اپنی برائی سے باز رہیں گے۔

235-بہشت میں جگہ ملے

وظیفہ جو سورہ ق کو آٹھ جمعوں تک برابر پڑھے اور ہر جمعہ کو چھ دفعہ پڑھے اس کی ہر تکلیف آسان ہو، قبر روشن ہو اور فراخ ہو بہشت میں جگہ ملے۔

236-بچھو کے حنا تمے کے لئے

وظیفہ اگر سورہ الطور کا پانی دم کر کے بچھوں پر چھڑکا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مر جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

237- بے اولاد پڑھے

وظیفہ: سورۃ الکوثر

فضیلت: جو شخص اولاد سے محروم ہو وہ روزانہ ۱۰۱ دفعہ سورۃ الکوثر بسم اللہ کے ساتھ پڑھے ان شاء اللہ اسے کامیابی ہوگی۔

وظیفہ2: "یَاوَارِثُ یَابَاسِطُ یَاعَزِیْزُ یَالَطِیْفُ" ۱۰۰ مرتبہ روزانہ بعد نمازِ عشاء پڑھیں۔

238- سخت مزاجی سے نجات

وظیفہ: یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ۙ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۙ

فضیلت: باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر مشک وزعفران سے سورہ یٰسین کی ذیل کی آیت مبارکہ زعفران وگلاب سے لکھے اور پانی سے دھوکر ہر روز پی لیا کرے۔ چالیس یوم تک ہر روز بلاناغہ یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

239- دورانِ سفر خطرے سے بچاؤ

وظیفہ: اگر سورۂ قدر کی اکیس بار تلاوت کر کے کسی بھی قسم کی سواری پر سوار ہو گے تو ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ بخیر و عافیت اپنی منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔

240- انجانے خوف سے نجات

وظیفہ: آیۃ الکرسی

فضیلت: جو شخص ہر رکعت میں بعد از الحمد شریف اور سورۂ اخلاص کے بعد اس کو صدق دل سے پڑھ کر اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگے گا ان شاء اللہ فائدہ حاصل ہوگا۔

241- بدکاری سے بچنا

وظیفہ: پرانی قبر کی تھوڑی سی مٹی لا کر اس پر باوضو حالت میں بارہ بار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور کسی میوہ دار درخت کے نیچے دفن کر دے دفن کرتے وقت اللہ تعالیٰ

عز وجل سے نہایت عجز و انکسار سے دعا مانگے ان شاء اللہ تبارک وتعالیٰ اس پر اپنا فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

242- سانس کے مرض کے لئے

قرآنیات: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ

ترجمہ: اور ہم (اللہ) قرآن میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں تو شفا اور رحمت ہے۔ (سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۲ پارہ نمبر ۱۵)

فضیلت: رات کو اکیس مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ کر ایک ٹیبل سپون شہد یا ایک پیالی پانی پر دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

243- استقامت قلب کے لئے

وظیفہ: فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ

فضیلت: روزانہ بعد از نماز فجر و عشاء ان کلماتِ مبارک کو ایک سو گیارہ مرتبہ اور اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالے۔

244- چوری ہوئی چیز کا واپس ملنا

وظیفہ: یَاجَامِعُ الْمُتَفَرِّقِیْنَ اجْمَعْ لِیْ ضَالَّتِیْ یَاجَامِعُ

فضیلت: اگر کسی شخص کی کوئی چیز چوری ہوگئی ہو یا کھوئی گئی ہو تو وہ شخص ان کلمات کو تین ہزار مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی چوری شدہ یا کھوئی ہوئی چیز واپس اسے مل جائے گی۔

245- فرشتوں جیسے خصائل کا مالک بننا

وظیفہ: یَاجَامِعُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کے فضل و کرم سے اسے فرشتوں جیسے خصائل کا مالک بنائے گا اور اس کے افعال و اعمال میں فرشتوں جیسی معصومیت اور پاکیزگی ہوگی۔

Scanned with CamScanner

246-تکلیف کے خاتمے کا عمل

وظیفہ: یَامُقْسِطُ

فضیلت: اگر کوئی شخص کسی دکھ، تکلیف یا صدمے کے باعث رنج وغم میں مبتلا ہو تو وہ اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز زیادہ سے زیادہ چالیس دن کے عمل میں اس کا رنج وغم دور ہو کر غم کی بجائے خوشی نصیب ہوگی۔

247-حافظہ اچھا کرنے کے لئے

وظیفہ: حافظہ اچھا ہونے اور امتحان میں کامیابی کے لئے دعا کریں اور چلتے پھرتے کثرت سے اسمِ الٰہی یَاعَلِیْمُ کا ورد کرتے رہیں۔

248-کاروبار میں بہتری کے لئے

وظیفہ: یَاغَنِیُّ

فضیلت: اگر کوئی دوکان دار، سوداگر یا تاجر اپنی دکان یا مال کے گودام کا قفل کھولنے سے پہلے ستر مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے اس کے کاروبار اور مال تجارت میں برکت ہوگی اور اسے کبھی نقصان نہ ہوگا۔

249- قلبی سکون کے لئے

وظیفہ: اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ط اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ o

فضیلت: ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ ان کلمات کا ورد کر لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اسے قلبی سکون عطا ہوگا۔

250-تکبر کا خاتمہ

وظیفہ: یَاعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ

فضیلت: اپنا اور اپنی ماں کے نام کے اعداد کا مکمل مجموعہ حاصل کرے اور اس تعداد کے مطابق ہر نماز کے بعد ان کلمات کا ورد کیا کرے اور اللہ تعالیٰ عزوجل سے دعا بھی مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اس کے اندر سے تکبر کا ہمیشہ

کے لئے خاتمہ ہو جائے گا۔

251-شیطانی اعمال سے نجات

وظیفہ: حٰمٓ o عٓسٓقٓ o كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ o

فضیلت: باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل قبلہ رخ ہو کر بیٹھے پہلے گیارہ بار درود پاک پڑھے پھر سفید کاغذ پر ان کلمات کو لکھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے حق میں دعا مانگے پھر خوشبو لگا کر اس پر اکتالیس مرتبہ یہی کلمات پڑھ کر دم کرے اور خوشبو لگا کر اپنے بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی برکت سے شیطان اس پر غلبہ نہ پائے گا، کسی موذی مرض میں مبتلا نہ ہوگا، جن اور آسیب کا سایہ اس پر نہ ہو سکے گا، کبھی آگ سے نہ جھلسے گا اور دریا میں نہ ڈوبے گا، ہر طرح کی آفات و بلا سے محفوظ رہے گا، جہاں بھی جائے گا لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں گے، چشم خلائق میں مقبول اور معزز ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور عنایات اس پر بے پناہ ہوں گی اور وہ نیکی کے کاموں کی طرف بہت زیادہ راغب ہوگا، اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

252-ہوائی سفر کے خوف سے نجات

وظیفہ: اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ط كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ط

فضیلت: باوضو حالت میں اول و آخر درود پاک سات سات مرتبہ اور ان کلمات مبارکہ کو بکثرت پڑھتا ہوا جہاز میں سوار ہو جائے سارے راستہ اس آیت مبارکہ کی کثرت سے سفر بخیر وخوبی گزر جائے گا اور کسی بھی قسم کا خوف باقی نہ رہے گا۔ بے حد مجرب اور مفید عمل ہے۔

253-روحانی مشکل سے نجات

وظیفہ: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اٰجِرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا

Scanned with CamScanner

فضیلت: مسلم شریف میں حضرت اُم سلمہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشادفرمایا کہ جب کوئی بندہ مصیبت کے وقت (مندرجہ بالاکلمات مبارکہ) کہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کومصیبت (مشکل) سے پناہ دیتا ہے اوراس کی موجودہ حالت کواچھی حالت سے بدل دیتا ہے۔

254-بُرے خواب سے نجات

وظیفہ: فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝

فضیلت: اس مقصد کے لئے وہ شخص سورۂ محمد (ﷺ) کی آیت مبارکہ بسم اللہ شریف کے ساتھ رات کوسونے سے پہلے باوضوحالت میں تین مرتبہ پڑھ کرسوئے تو اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے اسے بُرے خوابوں سے نجات مل جائے گی اور نیند پر سکون آئے گی۔

255-نافرمان اولاد کے لئے

وظیفہ: وَاِنِّىْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا

فضیلت: ہرنماز کے بعدتوجہ ویکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ ان کلامت کو پڑھ کراللہ تبارک وتعالیٰ سے دعامانگے۔ بفضلِ باری تعالیٰ اولادنیکی کی طرف راغب ہوگی اور والدین کی مطیع وفرمانبردار ہوجائے گی۔

256-اطمینان کی دولت نصیب ہونا

وظیفہ: یَااَللّٰہُ

فضیلت: جوشخص ان کلمات کوخوش خط جلی قلم سے لکھ کر یا لکھوا کر اپنے پاس رکھے اور دن رات میں کم ازکم تین مرتبہ وضوکرکے ادب کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کرانتہائی محبت، عقیدت اورخلوص کے ساتھ بکثرت اس اسم مبارک کاوردکرے تو اسے ان شاءاللہ تعالیٰ العزیز دنیا کے کسی جابر ظالم سے خوف نہ ہوگا اوراس کے دل کواطمینان

کی دولت میسر ہوگی۔

257-مریض کے لئے

وظیفہ: اَكْشِفِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِلٰهَ النَّاسِ ۝

ترجمہ: اے تمام لوگوں کے رب معبود اس تکلیف کودورکردے۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

258-مریض کوہوش دلانا

وظیفہ: یَارَحْمٰنُ یَاسَلَامُ

فضیلت: اگرکوئی بیمار مرض کی شدت یا نقاہت کے باعث بے ہوش ہوگیا ہوتو اس کے پاس سرہانے بیٹھ کرتین سودفعہ ان کلمات کو پڑھاجائے توان شاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے پڑھنے کے بعدبہت جلد مریض ہوش میں آجائے گا۔

259-مشکل آسان ہو

وظیفہ: یَارَحْمٰنُ

فضیلت: جوشخص فجر کی نماز کے بعد دو سواٹھانوے (298) مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ عزیز اس کی ہر مشکل آسان ہوگی۔ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت خاص کا حقدار ٹھہرے گا اور دنیا میں اس پر کوئی رکاوٹ یا مشکل نہ پڑے گی۔

260-دونوں جہاں میں عزت پانا

وظیفہ: یَامَالِكَ الْمُلْكِ

فضیلت: اگرکوئی شخص ان کلمات کوبکثرت وردکرے گاتو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے بے نیاز اور آخرت، دونوں جہانوں میں عزت اوروجاہت عطافرمائے گا وہ جہاں جائے گا اس کی تعظیم وتکریم ہوگی اوراسے ہرجگہ عزت اوراحترام کی نظروں سے دیکھاجائے گا۔

261-بھوک نہ لگنے کی شکایت

وظیفہ: یَارَحِیْمُ

فضیلت: اگرکسی بچے یابڑے کوبھوک نہ لگتی ہوتو تین روزتک بسم اللہ شریف کے ساتھ

Scanned with CamScanner

بارہ مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر جو چیز بھی اسے کھانے کو دی جائے اس پر دم کر دیا جائے۔ ان شاء اللہ العزیز الحکیم اسے بھوک لگنے لگی گی۔

262-بخار کے لئے مریض پر دم

وظیفہ: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی پُرتاثیر کلمات سے اس کی تمام مخلوق کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں۔(ابوداؤد)

263-آفات وبلیات سے محفوظ

وظیفہ: سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ

فضیلت: جو شخص نماز کے بعد روٹی پر ان کلمات کو لکھ کر کھائے تو اس کے دل میں شوق عبادت پیدا ہوا اور اللہ تعالیٰ عزوجل اسے آفات وبلیات سے محفوظ رکھے۔

264-مصیبت سے نجات

وظیفہ: یَاسَلَامُ

فضیلت: اگر کوئی شخص کسی بلا یا مصیبت میں گرفتار ہو تو ان کلمات کو سو مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز بلا اور مصیبت سے نجات ملے گی۔

265-اُم الصبیان کے مرض کا علاج

وظیفہ: سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○

فضیلت: جب عورت کے بچے اُم الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں شروع حمل سے شروع کرے اور بچہ کے دودھ پینے تک برابر یہی عمل کرتا رہے تین مرتبہ ہر روز کسی روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر حاملہ کو کھلائے یا کاغذ پر لکھ کر مریض کو پانی یا دوا میں گھول کر پلائے بفضلہ تعالیٰ عزوجل بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا اور اپنی طبعی عمر کو پہنچے گا۔

266-زبان کی حفاظت

وظیفہ: یَامُؤْمِنُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل

وکرم سے اور اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اس کی زبان کو ہر طرح کی بدگوئی اور غیبت سے محفوظ رکھے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کی زبان کبھی کسی بھی قسم کے ناشائستہ، پایہ ثقاہت سے گرے ہوئے یا خلاف تہذیب الفاظ اور طعن و دشنام وغیرہ سے آلودہ نہ ہوگی۔

267-غصہ پر کنٹرول

قرآنیات: وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ○ (سورۃ الفرقان کی آیت نمبر ۶۳ پارہ نمبر ۱۹)

ترجمہ: اور رحمان کے خاص بندے وہ ہیں جو زمین میں عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں اور جب ان سے جاہل لوگ (جہالت) کی بات کرتے ہیں تو وہ رفع شر کی بات کرتے ہیں۔

فضیلت: صبح نماز فجر کے فوراً بعد پڑھیں۔

غصہ کی حالت میں کھڑے ہیں تو بیٹھ جائیں۔ ٹھنڈا پانی پئیں تین مرتبہ اعوذ باللہ پڑھ کر سینے پر دم کریں۔

268-کسی کام کا انجام معلوم کرنا

وظیفہ: یَامُهَیْمِنُ

فضیلت: جو شخص بطور استخارہ کسی کام کا انجام معلوم کرنا چاہتا ہو وہ غسل کر کے قبلہ رو بیٹھ کر ان کلمات کو ایک ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ تین روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس اسم مبارک کی برکت سے اس کام کا انجام اسے فوراً معلوم ہو جائے گا۔

269-غیب سے رزق ملنا

وظیفہ: یَاقُدُّوْسُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات کا ورد کثرت سے کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اسے اپنے فضل وکرم سے دنیا والوں کی محتاجی سے نجات بخشے گا۔ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اللہ تعالیٰ عزوجل اسے غیب سے اس طور پر رزق عطا فرمائے گا کہ اس کو کبھی بھی

Scanned with CamScanner

کسی کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ان شاء اللہ تعالیٰ

270-دوسروں کی نظر میں معتبر ہونا

وظیفہ: یَاجَبَّارُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے پاکیزگی نفس، نیک نیتی اور انکسار طبیعت کے اوصاف سے متصف فرمائے گا اور اس اسم مبارک کے ذکر کی برکت سے وہ خلائق کی نظروں میں جلیل المرتبہ گردانا ہو جائے گا۔

271-سردرد کا علاج

وظیفہ: یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ

فضیلت: جس کے ماتھے پر درد ہو اس کے ماتھے پر سات دفعہ ان کلمات کو انگلی سے لکھا جائے پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر ان کلمات کو سات سات دفعہ پڑھ کر دم کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز کیسا ہی درد ہو جاتا رہے گا اور اگر آدھے سر کا درد ہو تو سورج نکلنے سے پہلے اس عمل کو کرے۔ بہت جلد شفاء ہوگی۔

272-بدتر حالت درست ہونا

وظیفہ: یَاخَالِقُ

فضیلت: اگر کوئی شخص طرح طرح کے مصائب وآلام اور تکالیف ومشکلات میں گھرا ہو جن کی وجہ سے اس کے حالات بد سے بدتر ہو رہے ہوں، تو وہ ان کلمات کا بکثرت ورد کرے۔ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کے حالات بہتر ہو جائیں گے۔

273-بیٹے کی خواہش کا پورا ہونا

وظیفہ: یَامُصَوِّرُ

فضیلت: اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور افطاری کے وقت ان کلمات کو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے، پھر اسی پانی سے روزہ افطار کرے تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اسے فرزند صالح عطا فرمائے گا۔

274-ہر مراد پوری ہونا

وظیفہ: یَاغَفَّارُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات مبارکہ کا کثرت سے ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے ایسا مقام ومرتبہ عطا فرمائے گا کہ اس کی ہر مراد پوری ہوگی۔

275-مریض پر پڑھ کر دم کریں

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيْكَ مِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۝

فضیلت: اللہ کے نام سے دم کرتا ہوں اللہ شفاء عطا کرے گا تجھے ہر بیماری سے گرہوں میں پھونکیں مارنے والوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے حسد کے شر سے۔(ابن ماجہ) تین تین مرتبہ پڑھنا۔

276-اُم الصبیان کا علاج

وظیفہ: یَاقَهَّارُ

فضیلت: اگر کوئی دودھ پیتا بچہ نہایت دبلا ہو یا سوکھ گیا ہو جیسے کہ ام الصبیان کی وجہ سے بچوں کو سوکھا لگ جاتا ہے تو آدھا کلو سرسوں کا تیل سامنے رکھ کر وضو کرنے کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر اس تیل پر دم کیا جائے اور وہ تیل صبح و شام اکیس روز بچے کے جسم پر مالش کیا جائے۔ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز بچے کی لاغری جلد دور ہو کر بچہ تندرست وتوانا ہو جائے گا۔

277-خشک سالی کا علاج

وظیفہ: یَاوَهَّابُ

فضیلت: اگر کسی جگہ بارش نہ ہوتی ہو اور بارش نہ ہونے کے باعث قحط اور خشک سالی کی کیفیت ہو تو گیارہ آدمی مل کر ان کلمات کو اکہتر ہزار مرتبہ تین دن تک پڑھیں۔ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز چوتھے روز ہی باران رحمت کا نزول ہوگا اور وہ بخیریت تمام بارش برس کر خشک سالی ختم ہوگی۔

Scanned with CamScanner

278-دونوں جہانوں میں کامیابی وکامرانی

وظیفہ: یَافَتَّاحُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات مبارکہ کا بکثرت ورد کرے گا اسے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے فتح ونصرت عطا فرمائے گا اور دونوں جہانوں میں کامیابی اور کامرانی بخشے گا۔ اس کے دشمن اسے کوئی گزند نہ پہنچا سکیں گے اور اس کے حاسدوں کی شرارتیں ان کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گی۔

279-امورِ غیبی کا مشاہدہ کرنا

وظیفہ: یَاعَلِیْمُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا تو ان شاء اللہ اس شخص پر اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اسرارِ مخفیہ کا دروازہ کھلے گا اور وہ ان کی بدولت مقبول خلائق ہوگا۔

280-بھوک کی اذیت سے بچنا

وظیفہ: یَاقَابِضُ

فضیلت: جو شخص چالیس روز تک روٹی کے چار ٹکڑوں پر ان کلمات کو لکھ کر کھائے گا ان شاء اللہ وہ بھوک کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔

281-قوی سے قوی دشمن پر فتح پانا

وظیفہ: یَاخَافِضُ

فضیلت: جو شخص چار روزے رکھے اور چار دن تک روزانہ ہزار مرتبہ ان کلمات کا ورد کرے۔ ان کے دشمن مغلوب ہوں گے اور اس اسم مبارک کی برکت سے اسے اپنے قوی سے قوی اور زبردست دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

282-مخلوق سے بے نیازی

وظیفہ: یَارَافِعُ

فضیلت: اگر ہر ماہ کی چودھویں شب میں آدھی رات کے وقت کو ان کلمات کی تلاوت

کی جائے تو اللہ تعالیٰ عزوجل اسے تونگری عطا فرمائیں گے اور مخلوق سے بے نیاز فرمائیں گے۔

283-بخار کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ° (ترمذی ابن ماجہ)

ترجمہ: میں اس اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت بڑا ہے میں اس اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں جو بہت عظمت والا ہے۔ ہر جوش مارنے والی رگ کی برائی سے اور آگ کی گرمی کی برائی سے۔

284-لوگوں کی نظروں میں مقبول ہونا

وظیفہ: یَامُعِزُّ

فضیلت: جو شخص بروز دو شنبہ یا بروز جمعہ بعد نماز مغرب چالیس بار ان کلمات کو پڑھے گا خدا تعالیٰ عزوجل لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا فرمائیں گے اور لوگوں کی نظروں میں عزیز ہوگا۔

285-آسانی سے وطن لوٹ آنا

وظیفہ: یَامُذِلُّ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کو کثرت سے پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز خیر وعافیت سے اپنے وطن واپس لوٹ آئے گا۔

286-اپنے مخالف کا غرور توڑنا

وظیفہ: یَامُذِلُّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ

فضیلت: اگر شریعت یا دین اسلام کے کسی مغرور مخالف کا ناحق غرور توڑنا مطلوب ہو تو سات دفعہ ان کلمات کو پڑھا جائے اور سات روز تک برابر یہی عمل کیا جائے۔ ان شاء اللہ العزیز اس مغرور شخص کا غرور ایسے ٹوٹے گا کہ دنیا دیکھے گی۔

Scanned with CamScanner

287-مراتب بلند ہونا

وظیفہ: یَاسَمِیْعُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا، اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے عزیز خلائق اور مستجاب الدعوات بنائے گا۔ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اس کے مراتب بلند ہوں گے اور وہ خلائق کی حاجت روائی پر زیادہ سے زیادہ توجہ دے گا۔

288-صاحب باطن بننا

وظیفہ: یَاحَکَمُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کو ٹھیک رات کے بارہ بجے باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے اور اس قدر پڑھتے پڑھتے بے ہوش ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اس کے باطن کو روشن کرے گا اور صاحب باطن بنائے گا۔

289-ہدایت سے منور ہونا

وظیفہ: یَابَصِیْرُ

فضیلت: جو شخص جمعرات کے روز نماز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ان کلمات کو سو بار پڑھے گا ان شاءاللہ باری تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائیں گے۔

290 آسمانی آفتوں سے بچاؤ

وظیفہ: یَاعَدَلُ

فضیلت: جو شخص مغرب کی نماز کے بعد ان کلمات کو ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے گا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ العزیز ہر قسم کی آسمانی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

291-مریض کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ۔

فضیلت: اللہ کے نام سے تجھے دم کرتا ہوں۔ (مسلم)

292-مفلسی سے نجات

وظیفہ: یَالَطِیْفُ

فضیلت: اگر جو شخص مفلس، بیمار یا بے کار ہو وہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور پھر ان کلمات کو تین سو مرتبہ اکیس یوم تک پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ العزیز اکیس روز میں اس کی مراد پوری ہوگی اور وہ بے کاری، بیماری اور مفلسی سے نجات پائے گا۔

293-روزی میں فراوانی

وظیفہ: اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۝

فضیلت: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا تو اللہ تبارک وتعالیٰ العزیز اپنے فضل وکرم سے اس کے رزق میں برکت اور روزی میں فراوانی عطا فرمائے گا۔

294-پوشیدہ حالات سے آگاہ ہونا

وظیفہ: یَاخَبِیْرُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے خواب اور بیداری کی حالت پوشیدہ حالات اور واقعات سے مطلع فرمائے گا اور غیبی مشاہدات اس پر بکثرت ظاہر ہوتے رہیں گے۔

295-پیٹ درد کا علاج

وظیفہ: یَاعَظِیْمُ

فضیلت: اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ ان کلمات کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے ان شاءاللہ تعالیٰ عزوجل فوراً آرام ہوگا۔

296-بینائی بحال ہونا

وظیفہ: یَاشَکُوْرُ

فضیلت: جس شخص کی آنکھوں کی بینائی جاتی رہی ہو وہ ان کلمات کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کرے، پھر تھوڑا سا پانی آنکھوں پر لگائے اور باقی پانی پیئے۔ ان شاء

Scanned with CamScanner

اللہ تعالیٰ العزیز سات ہی روز میں شفا پائے گا اور بینائی بحال ہو جائے گی۔

297-آنکھوں کی سرخی دور ہونا

وظیفہ: یَاعَلِیُّ

فضیلت: اگر کسی شخص کی آنکھیں دکھنے آئی ہوں، ان میں سرخی یا کوئی اور تکلیف ہو اور وہ تکلیف کسی طرح بھی نہ جاتی ہو تو وہ سات سو دفعہ ان کلمات کو پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر اس کو سلائی سے آنکھوں میں لگائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز تین دن میں آنکھوں کی تکلیف جاتی رہے گی اور آنکھیں بالکل ٹھیک ہو جائیں گی۔

298-عوام میں معزز و مکرم بننا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: اگر کوئی شخص عوام اور خاص کی نظر میں معزز اور مکرم بننا چاہے تو جمعرات کو روزہ رکھ کر چھوہارے اور شکر سے روزہ افطار کرے اور ایک سو اکیس مرتبہ ان کلمات شریف کو پڑھے اور ہمیشہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔

299-لوگوں میں عزت و تکریم بننا

وظیفہ: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

فضیلت: ہر نماز کے بعد جمعرات کے دن تین سو مرتبہ ان کلمات کو پڑھے نیز اول و آخر درود شریف بھی پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

300-حساب کی آسانی کے لئے دعا

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا

ترجمہ: اے اللہ میرے حساب کو آسان فرما دے۔ (مستدرک حاکم)

301-ہر بیماری کا علاج

وظیفہ: یَاکَبِیْرُ

فضیلت: جو شخص بیمار ہو اور کسی دوا سے اسے صحت نہ ہوتی ہو ان کلمات کو روزانہ نوے مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز وہ جلد ہی بیماری سے شفا پا کر تندرست ہو جائے گا۔

302-دل کا درد ختم ہونا

وظیفہ: یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط

فضیلت: کسی کے دل میں درد ہو تو مندرجہ بالا آیت کریمہ لکھ کر تعویذ بنا کر اس کے گلے میں اس طرح سے ڈالا جائے کہ تعویذ دل پر رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز درد ختم ہو جائے گا۔

303-بدمزاجی کا علاج

وظیفہ: یَاخَالِقُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کا ورد کثرت سے کرے گا، اس کے اندر غصے کو قابو میں رکھنے کی اہلیت پیدا ہوگی اور وہ بڑے سے بڑے عیب دار انسان کو دیکھ کر بھی بدمزاج نہ ہوگا بلکہ اسے عبرت کی نگاہ سے دیکھے گا کہ اسے بھی اللہ تعالیٰ عزوجل نے پیدا کیا ہے اور اس کے عیبوں کو بھی اسی نے بنایا ہے۔

304-مخلوق اس پر مہربان ہوگی

وظیفہ: یَارَحِیْمُ

فضیلت: جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا وہ تمام دنیاوی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور تمام مخلوق اس پر مہربان ہوگی۔

305-شادی میں رکاوٹ دور کا خاتمہ

وظیفہ: یَااَللّٰہُ یَالَطِیْفُ یَارَحِیْمُ

فضیلت: اگر شادی میں رکاوٹ ہو تو ہر نماز کے بعد دو سو بائیس (222) مرتبہ ان کلمات کو پڑھے۔ ان شاء اللہ فضل ہوگا۔

306-علماء و صلحاء میں عزت پانے کے لئے

وظیفہ: یَاکَرِیْمُ

فضیلت: جو شخص روزانہ سوتے وقت اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو علماء و صلحاء میں عزت عطا فرمائے گا۔

Scanned with CamScanner

307-محتاجی اور رزق کے لئے

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡفَقۡرِ وَالۡقِلَّۃِ وَالذِّلَّۃِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ اَنۡ اَظۡلِمَ اَوۡاُظۡلَمَ (نسائی)

ترجمہ: اے اللہ! بے شک میں محتاجی سے رزق کی کمی اور ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں۔

308-گناہوں سے بچنا

وظیفہ: یَاحَفِیۡظُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے اپنی اور مخلوق الٰہی کی حفاظت کا فکر کرنے والا بنائے گا۔ وہ حفظ امن کی کوشش کرے گا، نیک بنائے، اسے عزت رکھے گا اور گناہوں سے بچے گا۔

309-سفر میں جان و مال کی حفاظت

وظیفہ: یَامَالِکُ یَاقُدُّوۡسُ

فضیلت: جس مسافر کو سفر کی حالت میں جان، مال کا اندیشہ ہو یا سفر کی صعوبت کے باعث پریشانی ہو، وہ بکثرت ان کلمات کو جتنی کثرت سے پڑھ سکتا ہو پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز خطرہ دور ہو جائے گا، سفر بخیریت طے ہوگا اور وہ امن وامان سے منزل مقصود پر پہنچ جائے گا۔

310-دونوں جہان میں عزت وتوقیر پانا

وظیفہ: یَامَالِکَ الۡمُلۡکِ

فائدہ: اگر کوئی شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے بے نیاز اور آخرت دونوں جہانوں میں عزت اور وجاہت عطا فرمائے گا وہ جہاں جائے گا اس کی تعظیم وتکریم ہوگی اور اسے ہر جگہ عزت اور احترام کی نظروں سے دیکھا جائے گا۔

311-درخت کے پھل میں برکت

وظیفہ: یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات کو لکھ کر اور پانی سے دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دیں اس درخت کے پھل میں برکت ہوگی۔

312-پل صراط میں آسانی

وظیفہ: یَارَحِیۡمُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات کا ورد بکثرت کرے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ان کلمات کے ورد کی برکت سے وہ اس دنیا سے ایمان کے ساتھ رخصت ہوگا اس کا انجام بخیر ہوگا۔

313-مکان گرنا، جل مرنا اور سانپ کا ڈسنا

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الشَّرِدِیۡ وَالۡھَدۡمِ وَالۡغَرَقِ وَالۡحَرَقِ وَاَعُوۡذُبِکَ اَنۡ یَتَخَبَّطَنِیَ الشَّیۡطَانُ عِنۡدَ الۡمَوۡتِ وَاَعُوۡذُبِکَ اَنۡ اُقۡتَلَ فِیۡ سَبِیۡلِکَ مُدۡبِرًا وَاَعُوۡذُبِکَ اَنۡ اَمُوۡاتَ لَدِیۡغًا (ابوداؤد)

ترجمہ: اے اللہ! بیشک میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے مکان سے گر کر مرنے سے اور مکان کے نیچے دب کر مرنے سے اور ڈوب کر مرنے سے اور جل کر مرنے سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے مرنے کے قریب شیطان مجھ کو اچک لے اور یہ کہ تیری راہ میں پیٹھ پھیر کر مارا جاؤں اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے (سانپ وغیرہ) کے ڈسنے سے مروں۔

314-دشمن سے پناہ

وظیفہ: یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ

فضیلت: جسے کسی مصیبت یا دشمن کا خوف ہو وہ ان کلمات کی کثرت سے تلاوت کرے یا لکھ کر باندھے۔ اللہ تعالیٰ عزوجل اسے دشمن سے پناہ دے گا۔

315-دل روشن ہونا

وظیفہ: یَامَالِکَ الۡمُلۡکِ

فضیلت: جو شخص بلاناغہ زوال کے وقت ان کلمات مبارکہ کو سو بار پڑھے گا ان شاء اللہ اس کا دل منور وروشن ہوگا۔

316-سخت مشکل آسان ہونا

وظیفہ يَارَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَهَا

فضیلت جو کوئی ان کلمات کو پڑھے گا، رکاوٹ والی مشکل اس کی کھل جائے گی اور کبھی کوئی ضرورت میں رکاوٹ یا مشکل نہ رہے گی۔

317-اگر نیند نہ آتی ہو تو

وظیفہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝

فضیلت رات کو سوتے وقت سو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ان کلمات کو بار بار دہرائے ان شاء اللہ نیند بہت اچھی آئے گی۔

318-جائز محبت کے لئے

وظیفہ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ

فضیلت اگر کوئی شخص ان کلمات کو لکھ کر اور پانی سے دھو کر طالب و مغلوب کا نام مع والدہ کے لکھ کر باندھے۔ مطلوب اس کی محبت میں کامیابی ہو۔ بشرطیکہ محبت جائز ہو۔

319- گناہوں سے بچنا

وظیفہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

فضیلت ہر منگل کے دن ہر نماز کے بعد کثرت ان کلمات کو پڑھے۔ پروردگار خصوصی فضل و کرم عطا فرمائے گا۔

320-عذابِ قبر سے محفوظ

وظیفہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فضیلت اگر کفن پر ستر بار، ان کلمات کو لکھ دیں تو میت عذابِ قبر سے محفوظ رہے گی۔ منکر نکیر کے سوال سہل ہو جائیں گے۔

321-نافرمان اولاد کے لئے

وظیفہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

فضیلت نماز فجر کے بعد ان کلمات کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اولاد پر دم کریں ان شاء

اللہ تعالیٰ بہتری ہوگی۔

322-معذوری سے محفوظ رہنا

وظیفہ يَاسَلَامُ

فضیلت جو شخص صبح کی نماز کے بعد ہر روز ان کلمات کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز مرتے دم تک اندھا، اپاہج، عاجز، لاچار یا معذور نہ ہوگا اور اس اسم مبارک کی برکت سے اللہ تعالیٰ عزوجل اس دنیا سے چلتے ہاتھ پیروں اُٹھائے گا۔

323-دنیوی واخروی پریشانیاں دور ہونا

وظیفہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

فضیلت جسے کوئی غم، فکر یا مصیبت واقع ہو وہ ان کلمات کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی تمام دینوی اور اخروی پریشانیاں دور فرمائے گا۔

324-گندھی باتوں سے بچنے کا عمل

وظیفہ يَاحَمِيْدُ

فضیلت جس شخص کی گندی باتوں کی عادت نہ جاتی ہو وہ ان کلمات کو نوے (90) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پیئے ان کی فحش گوئی کی عادت ختم ہو جائے گی۔

325-حاسدین کو خاموش کرانا

وظیفہ اَلصَّبُوْرُ

فضیلت جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے، وہ اس دن ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں، حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ اگر کوئی شخص کسی بھی طرح کی مصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

326-دل کے روحانی امراض کا حل

وظیفہ اَلْقُدُّوْسُ

فضیلت: جو شخص روزانہ زوال کے بعد اس اسم کو تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھے گا ان شاء اللہ اس کا دل روحانی امراض سے پاک ہو جائے گا۔

327-دل کا زنگ دور کرنا

وظیفہ: یَافَتَّاحُ

فضیلت: جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ان کلمات کو ستر (70) مرتبہ پڑھے گا اس کے دل کا زنگ دور ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

328-گناہوں سے حفاظت کا عمل

وظیفہ: اَلْبَرُّ

فضیلت: جو شخص شراب نوشی، زناکاری اور بدکاری میں گرفتار ہو روزانہ سات مرتبہ یہ اسم پڑھے ان شاء اللہ عادات بد سے جان چھوٹ جائے گی۔

329-دانت کے درد کی دعا

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنْہُ مَا یَجِدُ وَفُحْشَہٗ بِدَعْوَۃِ نَبِیِّكَ الْمُسْكِیْنِ الْمُبَارَكِ عِنْدَكَ ط

ترجمہ: اے اللہ! جو تکلیف یہ شخص محسوس کر رہا ہے اس کو اور اس کی سختی کو دور فرما دیجئے اپنے نبی مسکین کی دعا سے جو آپ کے نزدیک بابرکت تھے دستِ مبارک اٹھانے سے پہلے اللہ تعالیٰ نے ان کے درد کو رفع فرما دیا۔ (مدارج النبوۃ)

فضیلت: بیہقی عبداللہ بن رواحہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درد دانت کی شکایت کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک ان کے اس رخسار پر جس میں درد تھا رکھ کر سات مرتبہ پڑھا۔

330-لالچ پن کا خاتمہ

وظیفہ: یَاغَنِیُّ

فضیلت: جو شخص لالچ، طمع اور حرص کی نفسانی آفات میں مبتلا ہو اور اس کا لالچی پن اس کے لئے ایک مصیبت بن گیا ہو اور وہ اس بلا سے نجات چاہتا ہو تو وہ صبح کی نماز کے

بعد سر پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے۔ پھر دل پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ یہی اسم مبارک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز گیارہ روز کے عمل میں اس کی فطرت کا لالچی پن زائل ہو جائے گا اور وہ طمع نفسانی سے آزاد ہو کر بے طمع بن جائے گا۔

331-جہیز کے انتظام کا عمل

وظیفہ: یَامُغْنِیُّ

فضیلت: اگر کسی شخص کی لڑکی کنواری ہو اور وہ اس کی شادی کے فریضہ محض اس وجہ سے سبکدوش نہ ہو پا رہا ہو کہ وہ لڑکی کی جہیز کے سامان کی تیاری کے لئے مالی استطاعت نہ رکھتا ہو تو وہ شخص اس اسم مبارک کو عشاء کی نماز کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ گیارہ دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کر کے اگلے اتوار کو ختم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز غیب سے کوئی ایسی صورت پیدا ہوگی کہ اس کی مشکل آسان ہو جائے گی۔

332-دوسروں کی نظروں میں معتبر ہونا

وظیفہ: یَاضَآرُّ

فضیلت: جو شخص اس اسم مبارک کو بکثرت ورد کرے گا اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل و کرم سے اسے خلائق کی نظروں میں عزت و جاہ کا مقام عطا فرمائے گا وہ جہاں جہاں جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز لوگ اس کی تعظیم و تکریم کریں گے اور سر آنکھوں پر بٹھائیں گے۔

333-دیدہ و نادیدہ آفات سے محفوظ رہنا

وظیفہ: اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَانُوْرُ

فضیلت: اگر سورج گرہن کے وقت اس آیت کریمہ کو اس طرح ملا کر ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز پڑھنے والا سورج گرہن کے وقت ہر دیدہ و نادیدہ آفت اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

334-مکان کا روشن ہونا

وظیفہ: یَانُوْرُ

فضیلت: اگر کوئی شخص صبح کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کو ایک ہزار ایک سو اکیس (121) مرتبہ روزانہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اس کے مکان کو روشن کرے گا اور کوئی سانپ، موذی جن، آسیب وغیرہ وہاں نہ ٹھہر سکے گا۔

335-حق اور صحیح کے مطابق انصاف کرنا

وظیفہ: یَاهَادِیُ

فضیلت: اگر کوئی حاکم، قاضی، مفتی، مصنف، ثالث یا پنچ کوئی فیصلہ کرتے وقت اس اسم مبارک کو سات مرتبہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کا فیصلہ حق کے مطابق اور صحیح ہوگا۔

336-تکلیف سے بچنا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فضیلت: اگر محرم کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ (113) مرتبہ ان کلمات کو لکھ کر گلے میں حمائل کریں تو وہ شخص اور اس کے گھر والے ہر تکالیف سے محفوظ رہیں گے۔

337-نیک راستے پر چلنے کا عمل

وظیفہ: یَاهَادِیُ

فضیلت: اگر جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا، وہ عالم ہو یا بے علم، اللہ تعالیٰ عزوجل اسے اپنے فضل وکرم سے نیک کاموں کی تلقین کرنے والا بنائے گا۔ وہ خود بھی نیک رستے پر چلے گا اور دوسروں کو بھی نیکی کے راستے پر چلنے کی ترغیب دے گا، وہ خود بھی بری باتوں اور برے کاموں سے دور رہے گا اور دوسروں کو بھی بری باتوں سے روکے گا۔

338-پریشانیوں اور غموں سے نجات کا عمل

وظیفہ: یَابَدِیْعُ

فضیلت: جو شخص اس اسم مبارک کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پابندی کے ساتھ ہمیشہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اپنے فضل وکرم سے اسے ہر قسم کی پریشانیوں اور

غموں سے نجات دے گا اور اسے اپنی امان میں رکھے گا۔

339-تکلیف اور حاجت سے نجات کا عمل

وظیفہ: یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

فضیلت: جسے کوئی غم یا مصیبت پیش آئے تو وہ ایک ہزار (1000) بار ان کلمات کو پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کی تکلیف دور ہوگی اور حاجت بر آئے گی۔

340-رکا ہوا کام پورا ہونا

وظیفہ: یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

فضیلت: جو شخص نماز عشاء کے بعد ان کلمات کو بارہ روز تک روزانہ بارہ سو بار پڑھے تو جس کام کے ارادے سے پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز عمل ختم ہونے سے قبل وہ کام بر آئے۔

341-مقصد میں کامیابی کے لئے دعا

وظیفہ: کُنْ فَیَکُوْنُ فِیْ مَقْصِدِیْ یَارَحْمٰنُ، یَاحَقُّ یَاعَادِلُ

اس کا ورد بکثرت کریں۔ مقصد میں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

342-باغ کی تباہی سے بچاؤ کا عمل

وظیفہ: اَللّٰهُ بَاقِیْ

فضیلت: اگر کسی شخص کو کسی وجہ سے اپنے باغ کی تباہی کا خدشہ ہو تو وہ ان کلمات مبارکہ کا تین تین مرتبہ چار عدد کوری ٹھیکریوں پر لکھ کر ایک ایک ٹھیکری باغ کے چاروں کونوں میں دفن کر دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ باغ تباہی اور ویرانی سے محفوظ رہے گا۔

343-ہر قسم کے امراض سے بچنے کا عمل

وظیفہ: یَابَاقِیْ

فضیلت: جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے

Scanned with CamScanner

اسے ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ اور تندرست رکھے گا۔

344-مال کبھی ختم نہ ہو

وظیفہ: یَاوَارِثُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل و کرم سے اس کے رزق میں وسعت اور روزی میں فراخی عطا فرمائے گا۔ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اسے اتنا کچھ ملے گا کہ انتہائی فیاضی کے ساتھ خرچ کرنے سے بھی ختم نہ ہوگا۔

345-دن رات کے عمل کی قبولیت کا وظیفہ

وظیفہ: یَارَشِیْدُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو صبح اور عشاء کی نماز کے بعد ایک ایک سو مرتبہ پڑھے گا اور ہمیشہ کے لئے یہ عمل کرتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل و کرم سے اس کے رات دن کے اعمال کو قبول کرے گا اور اسے اپنے مقربین کا مرتبہ عطا فرمائے گا۔

346-جادو کا اثر زائل

وظیفہ: سو مرتبہ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ سو مرتبہ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

فضیلت: اول آخر درود شریف پڑھیں ان شاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

347-ناراض حاکم کو منانے کا وظیفہ

وظیفہ: یَاصَبُوْرُ

فضیلت: اگر کسی شخص سے اس کا حاکم یا آقا ناراض ہو گیا ہو تو وہ آدھی رات کو یا دوپہر کے وقت اس اسم مبارک کو ایک ہزار ایک سو (1100) مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا کرے اور یہ عمل سات دن تک کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز جلد ایک ہفتے کے اندر اندر ہی مدعا حاصل ہوگا اور اس کے حاکم یا آقا کی ناراضگی دور ہو جائے گی۔

348-دعا کی قبولیت کا عمل

وظیفہ: یَامَلِیْکُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اور اپنی عنایت و مہربانی کے ساتھ اسے مستجاب الدعوات کا مقام عطا کرے گا اور وہ درگاہ الٰہی سے اپنے یا دوسروں کے لئے جو دعا کرے گا وہ منظور ہوگی اور جو طلب کرے گا وہی پائے گا۔

349-قولنج یا پسلی کے درد کا علاج

وظیفہ: یَابَسِیْطُ یَاکَرِیْمُ

فضیلت: اگر کسی شخص کو قولنج یا پسلی کے نیچے درد کی شکایت ہو تو اس اسمائے مبارکہ کو پانچ سو بار (500) پڑھ کر پانی پر دم کرے وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز درد قولنج سے شفا ہوگی۔

350-ظالموں سے چھٹکارے کی دعا

وظیفہ: رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ۝

ترجمہ: اے میرے رب مجھے ظالم لوگوں سے نجات دے۔

351-گوشہ تنہائی کے لئے

وظیفہ: یَااَحَدُ

فضیلت: جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا، اللہ تعالیٰ العزیز اسے خلوت پسندی کے وصف سے متصف فرمائے گا وہ آدمیوں اور محفلوں، مجلسوں سے دور رہ کر گوشہ تنہائی کو پسند کرے گا اور مجمع کی بجائے تخلیے کی حالت کو زیادہ ترجیح دے گا۔

352-پہاڑ جیسا قرضہ اُترنے کا عمل

وظیفہ: یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ

فضیلت: اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء ایسی جگہ پر کھڑے ہو کر جہاں کسی چیز کا سایہ سر پر نہ ہو، پانچ سو مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے تو اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اللہ تعالیٰ عزوجل اسے غیب سے رزق عطا فرمائے گا اور اس کے روزگار اور تجارت میں ترقی دے گا اگر اس پر پہاڑ کے

Scanned with CamScanner

برابر بھی قرضہ ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز ادا ہو جائے گا۔

353-بُری عادات سے بچنے کا عمل

وظیفہ: یَامَحْمُوْدُ

فضیلت: اگر کوئی شخص برے افعال و اعمال کی لعنت میں گرفتار ہو اور کوشش کے باوجود برے اعمال کی لت سے اسے چھٹکارا نہ ملتا ہو تو وہ اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اسے جلد ہی اپنی تمام بری عادات سے نجات مل جائے گی۔

354-حافظہ تیز ہونا

وظیفہ: یَاھُوَ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل و کرم سے اس کے حافظے کو قوی کرے گا۔ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز وہ جو کچھ بھی یاد کرے گا کبھی نہ بھولے گا۔

355-بیماری کی دعا

وظیفہ: اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآئُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا (مسلم)

ترجمہ: اے لوگوں کے رب! اس بیماری کو دور فرما تو ہی شفا دینے والا ہے لہٰذا شفاء عطا فرما شفاء صرف تیری طرف سے ہی ہے۔ ایسی شفاء عطا فرما جو کسی قسم کی بیماری نہ چھوڑے۔

فضیلت: حضرت عائشہؓ نے روایت ہے کہ جب ہم میں سے کوئی بیمار ہوتا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنا داہنا ہاتھ اس کے جسم پر پھیرتے اور یہ دعا پڑھتے۔

356-ہاری ہوئی جائیداد واپس ملنا

وظیفہ: یَامَالِكُ الْمُلْكِ

فضیلت: اگر کوئی شخص کسی جائیداد کا مقدمہ ہار گیا ہو تو وہ اپیل کرے اور اس اسم

مبارک کا ختم پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز ہاری ہوئی جائیداد دوبارہ مل جائے گی۔

357-ریاست کا باقی رہنا

وظیفہ: یَامَالِكُ یَاقُدُّوْسُ

فضیلت: اگر جو شخص ان کلمات کو ایک ہزار دفعہ ہر روز عشاء کے بعد اندھیرے میں پڑھے تو وہ اگر صاحب مالک ہے تو اس کا ملک قائم رہے گا، صاحب ریاست ہو تو ریاست باقی رہے گی۔ ان شاء اللہ۔

358-ایمانی طاقت سے مالا مال ہونا

وظیفہ: یَاعَادِلُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل و کرم سے اس کے نور ایمان کو زیادہ کرے گا اور خامیوں اور برائیوں کو اس سے دور فرمائے گا۔

359-اتفاق کے لئے دعا

وظیفہ: وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝

ترجمہ: اور ان کے دلوں میں جو کینہ تھا وہ ہم سب دور کر دیں گے وہ سب بھائی بھائی کی طرح (الفت ومحبت) رہیں گے۔

360-برائی اور غیبت کا خاتمہ

وظیفہ: یَاحَمِیْدُ

فضیلت: جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل و کرم سے برائی اور غیبت کو ناپسند کرنے والا بنائے گا۔ چنانچہ وہ کسی بھی آدمی کی غیبت کرنا تو کیا سننے کا بھی روادار نہ ہوگا یہاں تک کہ اپنے دشمنوں کے حق میں بھی اس کی زبان سے تعریفی کلمات ہی نکلیں گے۔

361-سانس کی بیماری کے لئے

وظیفہ: یَاحَمِیْدُ

فضیلت: اگر کسی شخص کو سانس کی تکلیف ہو تو وہ اسم مبارک "یَا حَمِیْدُ" روزانہ ایک ہزار ایک سو (1100) مرتبہ پڑھا کرے اور چاند کی چودھویں رات میں ایک کورے برتن میں سورۃ الناس لکھ کر اس میں پانی بھر لے۔ اس پانی کو پیئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز سانس کی تکلیف دور ہو جائے گی۔

362- نافرمان انسان

وظیفہ: یَا مَحْمُوْدُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد عالم محویت میں مستغرق ہو کر کرے اور خالص حمد وثناء ہی کی نیت رکھے تو اللہ تعالیٰ عزوجل اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اپنے فضل وکرم کے ساتھ اسے اخلاق حمیدہ اور صفات محمودہ سے متصف فرمائے۔

363- خونی وبادی بواسیر کا خاتمہ

وظیفہ: یَا مَالِکُ

فضیلت: اگر کسی شخص کو بواسیر خونی یا بواسیر بادی کا مرض ہو تو وہ روزانہ سات (7) مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد اکتالیس (41) روز تک کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز مرض سے شفایاب ہوگی۔

364- حجابات کا اُٹھ جانا

وظیفہ: یَا شَاهِدُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد اس اسم مبارک کا تین سو دس (310) مرتبہ ورد کرے گا تو اس ورد کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کے قلب سے تمام حجابات اٹھ جائیں گے اور وہ اکثر غیبی مشاہدات سے مشرف ہوگا۔

365- درد سر

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّ مِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

ترجمہ: خدا کے نام کے ساتھ جو بڑا ہے اور میں پناہ چاہتا ہوں اللہ بزرگ کی ہر رگ اُچھلنے والے کی اور آگ کی گرمی کے نقصان سے۔

فضیلت: حمیدی بروایت یونس بن یعقوب عبداللہ سے درد سر کی دعا نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درد سر میں اپنے مندرجہ بالا ارشاد سے فرماتے تھے:

366- خزانہ علم سے سرفراز ہونا

وظیفہ: یَا عَالِمُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے اپنے خزانہ علم سے سرفراز فرمائے گا اور اس پر اسرار علوم مخفیہ کے دروازے وا کرے گا۔

367- کٹھن حالات میں آسانی پیدا ہونا

وظیفہ: یَا قَدِیْرُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کے اہم سے اہم، بُرے سے بُرے، کڑے سے کڑے، کٹھن سے کٹھن اور مشکل سے مشکل کاموں میں مشکل کشائی ہوگی اور اللہ تعالیٰ العزیز اپنے فضل وکرم سے اس کی مشکلات آسان کرنے کے لئے غیب سے سامان مہیا فرمائے گا۔

368- ضدی بچہ

قرآنیات: خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ (سورۃ تغابن آیت نمبر ۲ پارہ نمبر ۲۸)

ترجمہ: اس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا اور تمہارا نقشہ بنایا سو عمدہ نقشہ بنایا اور اسی کے پاس سب کو لوٹنا ہے۔

فضیلت: رات سونے سے قبل اکتالیس (41) مرتبہ اول و آخر درود شریف کے

Scanned with CamScanner

ساتھ پڑھ کر بیٹے کا تصور کر کے دم کریں اس کے ٹھیک ہونے تک پڑھتے رہیں۔
یَامقیت بھی پڑھ کر پانی پلائیں۔

369-کاروبار میں ترقی

وظیفہ: یَامَنَّانُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو پروردگار عالم عزوجل اپنے فضل وکرم سے اسے خیر کثیر اور دولت و برکت عطا فرمائے گا۔ اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اسے دولت، تجارت میں نفع، کاروبار میں ترقی اور رزق حلال میں وسعت جیسی انمول نعمتیں عطا ہوں گی۔

370-بُرے افعال سے بچاؤ کا عمل

قرآنی آیت: أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ (البقرہ:۵)

فضیلت: اگر کوئی شخص دین سے غافل ہو گیا ہو یا سیدھے راستے سے بھٹک گیا ہو یا بُرے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس آیت مبارکہ کو ایک سو (100) مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس (41) دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

371-نظر کبھی کمزور نہ ہوگی

وظیفہ: جو شخص وضو کرنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورۂ قدر پڑھ لے تو ان شاء اللہ اس کی نظر کبھی کمزور نہ ہوگی۔

372-نظر اُتارنے کا عمل

قرآنی آیت: وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ۝ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝ (القلم:۵۱-۵۲)

فضیلت: حضرت امام حسینؓ نے فرمایا کہ کسی کو نظر لگنے کا وہم ہو تو اس آیت مبارکہ کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

373-ہر درد بلا کی دعا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي

السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

ترجمہ: شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے ساتھ جس کے نام کے ساتھ نقصان نہیں پہنچا سکتی کوئی چیز زمین میں اور وہ سنتا اور جانتا ہے۔

فضیلت: حضرت ابان بن عثمانؓ اپنے والد حضرت عثمانؓ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے کہ جو کوئی تین مرتبہ شام کے وقت پڑھے تو صبح تک کوئی ناگہانی بلا و مصیبت نہ پہنچے گی اور جو شخص اسے صبح کے وقت پڑھے تو شام تک اسے کوئی ناگہانی بلا و مصیبت نہ پہنچے گی۔ (مدارج النبوۃ)

374-سفر کی تھکن دور کرنے کا عمل

وظیفہ: یَاقُدُّوْسُ

فضیلت: جو کوئی اس اسم مبارک کا دورانِ سفر ورد کرتا رہے گا ان شاء اللہ تعالیٰ سفر کی تھکن سے محفوظ رہے گا۔

375-اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا

وظیفہ: رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا وَرَسُولًا

فضیلت: جو شخص اس دعا کو تین تین مرتبہ صبح وشام پڑھے اللہ تعالیٰ کے کرم پر حق ہے کہ روز قیامت اسے راضی کرے۔

376-نافرمان اولاد کے لئے

وظیفہ: اَللّٰهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَن يُنِيبُ ۝ (الشوریٰ:۱۳)

فضیلت: اگر کسی کا بچہ نافرمان اور ضدی ہو تو اس دعا کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ بچے کی ضد ختم ہو جائے گی۔

377-ڈیپریشن

قرآنی آیت: فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ (سورۃ رحمٰن پارہ نمبر ۲۷)

ترجمہ: سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

Scanned with CamScanner

فضیلت: صبح وشام اکیس اکیس (21+21) مرتبہ کی آیت اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔فجر کی نماز پڑھ کر۔
دس منٹ تک چہل قدمی کریں ناشتہ کے بعد ایک چمچ شہد بھی پی لیا کریں۔

378-بیماری سے حفاظت کا عمل

وظیفہ: یَامَاجِدُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کو دس مرتبہ پڑھ کر شربت پر دم کر کے پی لے وہ بیمار نہ ہوگا۔

379-لوگوں کی نظروں سے گر گیا ہو

قرآنی آیات: فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ (یٰسین: ۸۳)

فضیلت: اگر کوئی شخص لوگوں کی نظروں سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی عزت بحال ہو جائے تو اس آیت مبارکہ کو گیارہ (11) مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لیا کرے۔ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

380-اگر منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں تو

وظیفہ: اگر کسی کے منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں یا بدن میں پھنسیاں ہو جائیں تو سورۃ الضحیٰ اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبالے ان شاء اللہ راحت ہو جائے گی۔

381-دنیا میں فاقہ سے بچاؤ کے لئے

وظیفہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

فضیلت: جو شخص صبح وشام سو سو (100+100) مرتبہ اس دعا کو پڑھ لے دنیا میں فاقہ نہ ہو، قبر میں وحشت اور حشر میں گھبراہٹ سے محفوظ رہے گا۔

382-ملازمت حاصل کرنے کے لئے

قرآنی آیات: اِنَّهُمْ لَنْ یُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضُهُمْ

اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ ۝ (پارہ نمبر ۲۵ سورۃ الجاثیۃ کی آیت نمبر ۱۹)

ترجمہ: یہ لوگ خدا کے مقابلہ میں آپ کے ذرا کام نہیں آسکتے اور ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں اور اللہ دوست ہے اہل تقویٰ کا۔

فضیلت: عشاء کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ (100)۔اول وآخر درود شریف جس نے ملازمت لینی ہو وہ چلتے پھرتے بکثرت اسم الٰہی یَارَزَّاقُ کا ورد کرتا رہے۔

383-اگر قیدی رہائی چاہتا ہو تو

وظیفہ: اگر کوئی قید خانے سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۂ جن پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ باعزت بری ہو جائے گا۔

384-بدن پر داغ یا دھبے دور کرنے کے لئے

وظیفہ: مُسَلَّمَةٌ لَّا شِیَةَ فِیْهَا

فضیلت: کسی کے بدن پر ناسور یا داغ دھبے ہوں تو اکتالیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دوا پر پھونک کر دوا استعمال کرے داغ دھبے دور ہو جائیں گے۔ان شاء اللہ تعالیٰ

385-بھولنے کی بیماری کا علاج

ترجمہ: وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكَ عَظِیْمًا ۝

فضیلت: اس آیت مبارکہ کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں۔ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ (سورۃ النساء:۱۱۳)

386-بچہ روتا ہو اور کھانا نہ کھاتا ہو تو

وظیفہ: یَآ اَللّٰهُ یَا مَتِیْنُ یَا قَهَّارُ

فضیلت: اگر بچہ بہت روتا ہو یا کھانا نہ کھاتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو تو تھوڑا سا پانی یا دودھ گلاس میں لے کر عشاء کی نماز کے بعد ان کلمات کو ایک سو (100) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلا دیں۔

387-مریض کے لئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ

عَيْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ

ترجمہ ❖ اللہ کے نام سے تجھے دم کرتا ہوں ہر تکلیف دہ چیز سے ہر نفس کے شر سے اور حاسد کی نظر سے اللہ تجھے شفا دے۔

388-دوزخ سے حفاظت

وظیفہ ❖ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ

فضیلت ❖ جو شخص فجر و عصر کے بعد سات سات مرتبہ اس دعا کو پڑھ لے دوزخ دعا کرے اسے مجھ سے بچا۔

389-جنت الفردوس حاصل کرنے کا عمل

وظیفہ ❖ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝

فضیلت ❖ جنت الفردوس حاصل کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ یا اکیس یا اکتالیس مرتبہ اس دعا کو پڑھیں۔

390-بے اولادی کے لئے

وظیفہ ❖ وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝ وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ۝

فضیلت ❖ ہر روز بعد نماز عشاء باوضو ہو کر تین کھجوروں پر یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور عورت کو کھلا دیں طریقہ یہ ہے کہ ہر ایک کھجور پر ایک سو اکیس (121) مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں سات یوم تک مسلسل اس عمل کے کرنے سے بفضل تعالیٰ باری اولاد کی نعمت نصیب ہوگی سات یوم کے درمیان ناغہ ہرگز نہ کریں اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو نئے سرے سے دن شمار کریں۔

391-بے چینی کا حل

وظیفہ ❖ اَللّٰهُ

فضیلت ❖ جو شخص ان کلمات کو نہایت خوبصورت خوش خط، قلم سے لکھ کر یا لکھوا کر اپنے پاس رکھے اور دن رات کم سے کم تین مرتبہ نہایت ادب سے باوضو ہو کر اور قبلہ رخ بیٹھ

کر خلوت میں بیٹھ کر محبت کی نگاہ اس اسم مبارک پر ڈالے اور خلوص و عقیدت کے ساتھ بکثرت اس کا ورد کرے۔ تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز پوری زندگی اضطراب، قلب، بے چینی یا دل کی کمزوری کا شکار نہ ہوگا۔

392-اولاد کے لئے

رات سونے قبل بکثرت پڑھیں۔

قرآنی آیت ❖ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝ (پارہ نمبر ۲۳ الزمر کی آیت نمبر ۵)

ترجمہ ❖ اس نے آسمان و زمین کو حکمت سے پیدا کیا وہ رات کی ظلمت کو دن کی روشنی کے محل یعنی ہوا پر لپیٹتا ہے اور دن کی روشنی کو رات پر لپیٹتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام پر لگا رکھا ہے یہ (ان میں سے) ہر ایک وقت مقرر تک چلتا رہے گا۔ یاد رکھو کہ وہ زبردست ہے بڑا بخشنے والا ہے۔

393-کاہلی اور سستی کا علاج

وظیفہ ❖ يَارَحْمٰنُ

فضیلت ❖ اگر کوئی شخص اپنی طبیعت کی غفلت، کاہلی اور سستی کی وجہ سے دینی و دنیاوی امور میں تکلیف اور پریشانی سے دوچار رہتا ہو تو وہ ان کلمات کا کثرت سے ورد کیا کرے۔

394-اموال اور مال و منال میں اضافہ

وظیفہ ❖ يَاغَفَّارُ

فضیلت ❖ اگر کوئی شخص اپنے اموال اور مال و منال میں اضافہ ہو تو وہ ان کلمات کا کثرت سے ورد کیا کرے۔

395-مکان تمام آفتوں سے محفوظ

وظیفہ ❖ يَاقَهَّارُ

فضیلت ❖ ایک کورے چراغ پر سات جگہ اسم مبارک ان کلمات کو لکھ کر تیل سے بھر کر روشن کیا جائے جس گھر میں گیارہ دن تک یہ چراغ روشن ہوگا بفضلہ باری تعالیٰ اس گھر

مین کوئی جن یا سانپ وغیرہ موذی چیز نہ رہے گی اور وہ مکان تمام آفتوں سے پاک رہے گا۔

396-خطرے کے وقت کی دعا

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا ط (معارف الحدیث)

ترجمہ: اے اللہ! ہماری پردہ داری فرما اور ہماری گھبراہٹ کو بے خوفی اور اطمینان سے بدل دے۔

فضیلت: حضرت ابوسعید خدری ؓ سے روایت ہے کہ ہم لوگوں کو غزوہ خندق کے دن رسول کریم ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا اس نازک وقت کے لئے کوئی خاص دعا ہے جو ہم اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کریں۔ حالت یہ ہے کہ ہمارے دل مارے دہشت کے اچھل اچھل کر گلوں میں آرہے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں عرض کرو، مندرجہ بالا وظیفہ کی طرح۔

397-دشمن سے محفوظ رہنا

وظیفہ: جو شخص سورہ یونس کو اکیس بار پڑھے گا کوئی دشمن اس پر غالب نہ ہو سکے۔

398-دوزخ میں جانے سے محفوظ

وظیفہ: باوضو ہو کر تین بار روزانہ سورۃ اعراف کو پڑھے تو قیامت کے دن میں دوزخ کے عذاب سے امن و امان میں رہے گا بلکہ قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

399-قید سے چھٹکارا پانا

وظیفہ: اگر کوئی شخص کسی کی قید میں گرفتار ہو تو اسے چاہئے کہ ایسے نازک اور سختی کے وقت خود یا اس کے وارثوں میں سے کوئی بھی سورۃ الانفال کی روزانہ سات بار تلاوت کرے گا تو بفضلِ باری تعالیٰ اس سورت کی برکت سے اسے قید سے رہائی نصیب ہوگی۔

400-بواسیر کے عارضہ کا حل

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قَوْسٍ قَوْسٍ یَایَرَوْنَ فِیْھَا شَمْسًا

وَّلَا زَمْھَرِیْرًا ط

فضیلت: جس شخص کو بواسیر کا عارضہ ہو وہ اس دعا کو کاغذ پر لکھے اور گھول کر پی لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز بالکل آرام ہو جائے گا۔

401-قرضہ سے چھٹکارا پانا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

فضیلت: جس شخص کے سر پر قرضہ بہت ہو وہ اول و آخر درود شریف کے بعد چند روز یہ اسم مبارک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کا تمام قرضہ دور ہو جائے۔

402-مریض کی طرف سے سلام

ان کو مہربان رب کی طرف سے سلام فرمایا جائے گا۔

مندرجہ ذیل قرآنی آیات ہیں

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ (سورۃ یٰسٓ پارہ ۲۳ آیت نمبر ۵۷)

سَلٰمٌ قف عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○ (سورۃ والصفت پارہ نمبر ۲۳ آیت نمبر ۷۹)

نوح (علیہ السلام) پر سلام ہو عالم والوں میں

سَلٰمٌ قف عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ○ (سورۃ الصفت پارہ نمبر ۲۳ آیت نمبر ۱۰۹)

ابراہیم علیہ السلام پر سلام ہو۔

سَلٰمٌ قف عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ○ (سورۃ والصفت پارہ نمبر ۲۳ آیت نمبر ۱۲۰)

موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر سلام ہو

سَلٰمٌ قف عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ ○ (سورۃ والصفت پارہ نمبر ۲۳ آیت نمبر ۱۳۰)

الیاسین علیہ السلام پر سلام ہو

وَسَلٰمٌ قف عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ○ (سورۃ والصفت پارہ نمبر ۲۳ آیت نمبر ۱۸۱)

اور سلام ہو پیغمبروں پر

سَلٰمٌ قف ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○ (سورۃ القدر پارہ نمبر ۳۰ آیت نمبر ۵)

وہ شب سراپا سلام ہے طلوع فجر تک

سَلٰمٌ قف عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ ○

Scanned with CamScanner

(سورۃ الزمر پارہ نمبر ۲۴ آیت نمبر ۷۳)

(محافظ فرشتے کہیں گے) اسلام وعلیکم تم مزہ میں رہے سو اس جنت میں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ۔

ان آٹھ سلاموں کے اول آخر درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیں۔

403-دردِ زہ میں کمی

وظیفہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

فضیلت: اگر کسی عورت کو بچہ کی ولادت کے وقت بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہو تو چاہیے کہ جب حمل کے پانچ ماہ گزر جائیں تو باوضو حالت میں مشک، گلاب اور زعفران سے ان کلمات مبارکہ کو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دے۔ ان کلمات مبارکہ کی برکت سے دردِ زہ میں کمی ہوگی اور بچے کی ولادت آسانی سے ہوگی۔

404-ہر قسم کے آفات سے بچاؤ

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فضیلت: جو بچہ سوتے ہوئے چونک پڑتا ہو، ڈر جاتا ہو۔ ایک کاغذ پر ان کلمات کو اکیس مرتبہ زعفران و گلاب سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

405-چوہوں سے چھٹکارا پانا

وظیفہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

فضیلت: چوہوں کو گھر سے بھگانے کی غرض سے ایک روٹی پر یہ لکھے:-

منم ۱۳۶۱ ا ہ صالا بس سوا بحق اشراھیان

ان کلمات کو لکھنے کے بعد روٹی کو گھر اس کمرے میں رکھے جہاں پر چوہوں کی آمد ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز چوہے وہاں پر نہ آئیں گے اور بھاگ جائیں گے۔

406-تپ دق کا علاج

وظیفہ: قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝

فضیلت: اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں بعد از نماز فجر مٹی کے کورے مٹکے میں تازہ پانی بھر کر ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور صبح طلوع شمس سے پہلے نہار منہ روزانہ دیں۔ پھر جو چاہیں کھلائیں۔ سارا دن اور ساری رات یہی پانی وقفے وقفے سے پلاتے رہیں دوسرے دن نماز فجر تک جس قدر پانی بچ جائے اس پانی کو کسی ایسی جگہ گرا دیں جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے۔ روزانہ یہی عمل کریں چالیس یوم کے مسلسل عمل سے بخار اور ٹی بی سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا مل جائے گا۔

407-اولاد کے لئے دعا

وظیفہ: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

ترجمہ: اے میرے رب مجھ کو اپنی بارگاہ سے پاکیزہ اولاد عطا فرما بے شک تو دعا سننے والا ہے۔

408-اولاد کی خواہش کا پورا ہونا

وظیفہ: هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

فضیلت: صبح نہار منہ روٹی کے ٹکڑے پر ان کلمات مبارکہ کو لکھ کر کھائے اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل و کرم سے اسے حمل ٹھہر جائے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ عزوجل اسے اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

409-اللہ تعالیٰ کا قرب پانا

وظیفہ: اَلْمُؤَخِّرُ

فضیلت: جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اس کو اللہ تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔

410-داد، چنبل، دنبل کا علاج

وظیفہ: "اے عرق النساء، داد، چنبل، دنبل اگر بحکم الٰہی ہو تو مرجا۔"

فضیلت: اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز عصر سورہ فاتحہ شریف معہ وصل بسم اللہ شریف (سات مرتبہ)، اول و آخر درود پاک شفاء (سات سات مرتبہ)، ان کلمات کو

(تین تین مرتبہ) پڑھ کر اس جگہ کو پکڑ کر دم کریں اور پھر ہاتھ کو جھٹک دیں۔ یہ عمل تین دن تک کرنے سے مرض ختم ہو جاتا ہے۔ ضدی مرض کی صورت میں سات تا گیارہ یوم تک عمل کریں۔

411-دردِ سر یا نصف سر درد

قرآنی آیت: سورۃ الناس

فضیلت: سورۃ الناس پڑھ کر دم کرے اور دریافت کریں کہ کہاں درد ہے اگر باقی ہو تو پھر پڑھیں۔ خواہ کیسا ہی درد ہو سارے سر کا یا نصف سر کا ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

412-برائے مسان

وظیفہ: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

فضیلت: سوا پاؤ کچی گھانی کا سرسوں کا تیل لیں اور اس پر سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اور ان کلمات کو تین مرتبہ اول و آخر درود پاک شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس تیل کو چالیس روز تک مسلسل روزانہ وقت مقررہ پر بچے کے جسم پر مالش کریں اور پھر دو گھنٹے بعد گرم پانی سے نہلا دیں تندرست ہونے پر بچوں میں نیاز حضور غوث الاعظمؒ حسبِ توفیق تقسیم کر دیں۔

413-علاج دردِ پیٹ

وظیفہ: وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

فضیلت: اس مقصد کے لئے قدرے چینی لے کر اس پر سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف

اول و آخر درود شفاء اور ان کلمات کو اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض اس کو روزانہ چاٹ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز ہمیشہ کے لئے درد ختم ہو جائے گا اور شفا کاملہ حاصل ہوگی۔

414-رذیلہ اور کردارِ قبیحہ سے محفوظ

وظیفہ: یَاسَلَامُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلماتِ مبارکہ کا بکثرت ورد کرے گا تو اس مبارک کے ورد کی برکت سے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز رذیلہ اور کردار قبیحہ سے محفوظ رہے گا۔ وہ نیک کاموں کی طرف راغب ہوگا اور برے کاموں سے متنفر ہوگا۔

415-مقدمے کی کامیابی کے لئے

قرآنی آیت: وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝

ترجمہ: اور کہہ دیجئے حق آیا اور باطل مٹ گیا واقعی باطل چیز تو یونہی آتی جاتی رہتی ہے۔ (پارہ نمبر ۱۵، سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۸۱)

وظیفہ: یَاحَقُّ یَاعَدْلُ کا ورد کریں۔

416-بدخوابی کا شکایت دور ہونا

وظیفہ: یَامُتَکَبِّرُ

فضیلت: جس شخص کو نیند نہ آتی ہو یا بدخوابی کی شکایت ہو اور نیند میں خوف ناک خوابوں کی وجہ سے خوف اور ڈر محسوس ہوتا ہو، وہ سونے سے پہلے اکیس مرتبہ اسم مبارک "یامتکبر" پڑھ کر چپ چاپ سو رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اسے سکون کی نیند آئے گی اور وہ ہر قسم کے برے اور خوف ناک خوابوں سے محفوظ رہے گا۔

417-تمام معاملات درست رہنا

وظیفہ: یَاالْبَارِئُ

فضیلت: اگر کوئی شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے تمام معاملات کو درست کرے گا۔ اس کی سب تکلیفات دور ہو کر سہولت

Scanned with CamScanner

حاصل ہوگی اور اس کے تمام نقصانات دور ہوں گے۔ اور [illegible] اس کے جملہ حالات ومعاملات بہتر ہو جائیں گے۔

418- صاحب علم ہونا

وظیفہ: یَاعَلِیْمُ

فضیلت: جو شخص چالیس روز تک نہار منہ اپنے بچے کو اکیس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے گا وہ بچہ صاحب علم ہوگا اور اللہ تعالیٰ عزوجل کی رحمت سے اس کا ذہن اور حافظہ روشن ہو جائے گا۔

419- اولاد نہ ہونے کی صورت میں

وظیفہ: خاوند یا بیوی دونوں میں سے کوئی ایک باوضو ہو کر ہر روز پانچ سو مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھے تین ماہ تک بلاناغہ پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اولاد کی نعمت سے سرفرازی ہوگی۔

420- بانجھ پن کا علاج

وظیفہ: لَآ اُقْسِمُ بِھٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَاَنْتَ حِلٌّ بِھٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۝

فضیلت: جو عورت بانجھ ہو تو وہ ایام حیض میں چینی کی پلیٹ پر ان کلمات مبارکہ کو لکھ کر سات یوم تک پیتی رہے اور پھر جب غسل کر کے پاک ہو تو خاوند کے پاس جائے تین ماہ تک ہر ماہ ایسا ہی کرنے سے اللہ تعالیٰ عزوجل اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا اور بانجھ پن جاتا رہے گا۔

421- گردے اور پتے کا پتھری دور

قرآنی آیت: وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (پارہ نمبر ۱ سورۃ البقرہ آیت نمبر ۷۴)

ترجمہ: اور بعض پتھر تو ایسے ہیں جن سے بڑی بڑی نہریں پھوٹ کر چلتی ہیں اور انہی پتھروں میں سے بعض ایسے ہیں کہ جو شق ہو جاتے ہیں پھر ان سے اگر زیادہ نہیں تو

تھوڑا ہی پانی نکل آتا ہے اور انہی پتھروں میں بعض ایسے ہیں جو خدا تعالیٰ کے خوف سے نیچے لڑھک آتے ہیں اور حق تعالیٰ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے۔

422- حمل قرار پانا

وظیفہ: ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

فضیلت: جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اسے حمل قرار نہ پاتا ہو تو اسے اکتالیس یوم تک بلاناغہ چینی کی پلیٹوں پر زعفران وگلاب سے سورۂ سجدہ کی ان آیات مبارکہ کو لکھیں اور بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء ایک پلیٹ پلا دیں اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے حمل قرار پا جائے گا۔

423- تکبر اور غرور سے نفرت کرنا

وظیفہ: یَاحَافِظُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کا بکثرت ورد کرے گا، اللہ تعالیٰ عزوجل اس کے دل کو تکبر اور غرور سے نفرت کرنے والا بنا دے گا۔

424- قرض سے نجات پانا

وظیفہ: اگر کوئی شخص قرضدار ہو اور قرض ادا کرنے کی قوت نہ رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ جمعہ کے دن سورۃ الکہف کو پڑھنا شروع کرے اور دوسرے جمعہ تک برابر پڑھتا رہے اس سورت کی برکت سے خدا تعالیٰ عزوجل اسے قرضہ سے فارغ کر دے گا اور خلق کی نظر میں صاحب عزت کرے گا۔

425- کاہلی سے چھٹکارا پانا

وظیفہ: اگر کسی شخص کو نماز پڑھنے میں کاہلی ہو تو اسے آٹھ دفعہ سورۂ المؤمنون کو پڑھنا چاہیے بفضل باری تعالیٰ عزوجل اس کی برکت سے وہ کاہلی سے چھٹکارا پائے گا۔

Scanned with CamScanner

426-آنکھوں کی بیماریوں کو رفع کرنا

وظیفہ: سرمہ کی سلائی پر تین مرتبہ سورۃ العصر پڑھ کر سرمہ لگانا آنکھوں کی بیماری کو دفع کرتا ہے۔

427-کسی کا محتاج نہ ہونا

وظیفہ: یَابَاسِطُ

فضیلت: جو شخص صبح کی نماز سے پہلے ہاتھ اٹھا کر دس بار ان کلمات کو پڑھے اور ہاتھوں پر پھونک کر ہاتھ منہ پر پھیرے گا اور ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اللہ تعالیٰ عزوجل اسے خلق کی محتاجی سے بے نیاز فرمائے گا اور اسے کبھی مخلوق سے سوال کرنے کی ضرورت نہ ہوگی یعنی وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

428-یرقان کے لئے دعا

فضیلت: اگر کسی کو یرقان ہوگیا ہو تو وہ پہلے سورۃ فاتحہ ایک بار سورۃ الحشر سات بار اور پھر ایک مرتبہ سورۃ القریش پڑھ کر دم کرے پانی پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ خداوند کریم شفاء بخشے گا۔ مکمل صحت یابی تک پانی پئیں۔

429-حاکم کو مہربان اور نرم کرنا

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ۙ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۙ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۙ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ فلاں بن فلاں (یہاں حاکم اور اس کی والدہ ماجدہ کا نام لیں)۔

فضیلت: حاکم کی ناراضگی سے بچنے اور اسے راضی و موم کرنے کے لیے ان کلمات کا عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل سے حاکم یا آفیسر مذکورہ اس پر مہربان ہوجائے گا اور جو بھی کام ہوگا وہ باآسانی ہوجائے گا۔

430-فتح و کامیابی کے لئے

وظیفہ: یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَاکَافِیَ الْمُهِمَّاتِ یَارَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَادَافِعَ الْبَلِيَّاتِ يَافَاتِحَ الْاَبْوَابِ يَاشَافِيَ الْاَمْرَاضِ يَاحَلَّ الْمُشْكِلَاتِ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَامُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اٰمِيْنَ ۙ

فضیلت: بعد از نماز فجر نہایت عجز و انکساری کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف غوثیہ پڑھے اس کے بعد گڑگڑا کر ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اور تصور میں اپنے مقصد کو پیش نظر رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز مقصد مطلوبہ میں خداوند کریم کے فضل و کرم سے کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔

431-کاروبار میں ترقی کے لئے

وظیفہ: یَارَحْمٰنُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو دو سو اٹھانوے مرتبہ نماز فجر کے بعد پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ عزوجل اس عمل کی بدولت دن بدن کاروبار میں ترقی ہوتی جائے گی۔ نہایت مجرب ہے۔

432-بیمار کے لئے

وظیفہ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ

ترجمہ: عرش عظیم کے مالک عظمت والے اللہ سے میں سوال کرتا ہوں کہ تجھے شفا اور عافیت عطا فرمائے۔ (بخاری)

433-ناپاک امراض کا علاج

وظیفہ: یَامَالِكُ يَاقُدُّوْسُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو ہر روز صبح کی نماز یعنی نماز فجر اور مغرب کی نماز یعنی نماز مغرب کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ عزوجل اس عمل کی بدولت تمام گندے امراض یعنی بواسیر، نواسیر، ناسور، شرمگاہ یا پردہ وغیرہ کے تمام امراض سے شفاء حاصل ہوگی۔

Scanned with CamScanner

434-دل کو تسخیر کرنا

وظیفہ: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فضیلت: اگر کوئی تین سو تیرہ مرتبہ ان کلمات کو مداومت کے ساتھ پڑھتا رہے تو تمام لوگوں کے دل اس کے لیے مسخر ہو جائیں گے۔

435-شیطان اور اس کے لشکر سے بچاؤ کا عمل

وظیفہ: صبح کے وقت گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی چاہیے۔ اس کے پڑھنے سے اگر شیطان مع اپنے لشکر کے کوشش کرے کہ اس سے گناہ کرائے تو بھی نہ کرا سکے گا جب تک بندہ خود گناہ نہ کرے۔

436-قرض کی ادائیگی کے لئے دعا

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اکۡفِنِیۡ بِحَلَالِكَ عَنۡ حَرَامِكَ وَاَغۡنِنِیۡ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ سَوَاكَ

ترجمہ: اے اللہ مجھے حرام سے بچا حلال روزی سے میری کفایت فرما اور اپنے ماسوا سے بے نیاز کر کے اپنے فضل سے غنی کر دے۔ (مستدرک حاکم)

فضیلت: ادائیگی قرض کے لئے حضرت محمد ﷺ نے حضرت علیؓ کو فرمایا کہ اگر احد پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو ادا ہو جائے گا۔ (ترمذی)

437-رزق میں وسعت کے لئے

وظیفہ: سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ

فضیلت: جو شخص سو مرتبہ روزانہ فجر کے نماز کے بعد ان کلمات کو پڑھ لے گا اللہ تعالیٰ اس کو اتنا رزق عطا فرمائے گا کہ رکھنے کی جگہ نہ ہوگی۔

438-کینسر و شوگر کا علاج

قرآنی آیت: رَبَّہٗۤ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ۝ (الانبیاء:۸۳)

فضیلت: یہ حضرت ایوبؑ کی دعا ہے، شوگر، کینسر اور دیگر بیماریوں سے نجات پانے کے لئے صبح و شام اکیس اکیس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پی لیں۔

ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

439-بواسیر کا علاج

وظیفہ: اگر کسی کو بواسیر کی شکایت ختم کرنی ہو تو فجر کی دو سنتوں میں پہلی رکعت میں اَلَمۡ نَشۡرَحۡ اور دوسری رکعت میں سورۃ الفیل پڑھے تکلیف دور ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

440-یرقان کا خاتمہ

وظیفہ: سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ وَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ۝ اور اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ۝

فضیلت: ایک سو باسٹھ (162) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو کثرت سے پلائیں بہت مجرب ہے۔

441-کامل ولی بننے کے لئے

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اغۡفِرۡلِیۡ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیۡعِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ وَالۡمُسۡلِمِیۡنَ وَالۡمُسۡلِمَاتِ

فضیلت: اس دعا کو روزانہ ستائیس (27) مرتبہ پڑھنے سے تمام مسلمانوں کی تعداد کے برابر نیکیاں ملیں گی۔

442-آشوب چشم

وظیفہ: فَکَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡیَوۡمَ حَدِیۡدٌ۝

تین تین دفعہ درود شریف اول و آخر اور یہ آیت دس دفعہ پڑھ کر گیارہ دفعہ یَانُوۡرُ پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیریں۔

443-اولاد نہ زندہ رہتی ہو تو

وظیفہ: وَنَجَّیۡنٰہُ وَاَھۡلَہٗ مِنَ الۡکَرۡبِ الۡعَظِیۡمِ

فضیلت: اگر کسی کی اولاد مر جاتی ہو اور زندہ نہ رہتی ہو تو اس آیت مبارکہ کو روزانہ صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں مفید ثابت ہوگا۔

Scanned with CamScanner

444-اولادِ نرینہ کے لئے

وظیفہ: قرآن پاک کی سورۃ النجم انتہائی فائدہ مند ہے حمل کے دنوں میں اس سورۃ کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور ہر روز بلا ناغہ نو ماہ تک عورت کو پلائیں۔ اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے بیٹا پیدا ہوگا۔

445-بلغمی امراض کے خاتمے کا عمل

وظیفہ: جس شخص کو بلغمی مرض ہو وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیۃ الکرسیٰ دم کرے اور روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھالے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل شفاء ہوگی۔

446-دانت میں درد کا حل

وظیفہ: هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

فضیلت: جس کے دانت یا داڑھ میں درد ہو اس کو (کھال کے اوپر سے) انگلی سے دبا کر یہ آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ درد ختم ہوجائے گا۔

447-انگلیوں کی تکلیف کا حل

وظیفہ: لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ

فضیلت: انگلیوں پر کسی طرح کی تکلیف ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیت تل کے تیل پر دم کر کے مالش کی جائے ان شاء اللہ تکلیف دور ہوجائے گی۔

448-کینسر اور ناسور کا علاج

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

روزانہ صبح کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورہ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر عرق گاؤزبان پر دم کریں۔ اور یہ عرق مریض کو ہر گھنٹے بعد تین گھونٹ ان کلمات کو پڑھ کر پلائیں اور بعد میں درود شفاء سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس عمل کو اکتالیس یوم بلا ناغہ جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ العزیز

مریض مکمل طور پر صحت یاب ہوجائے گا۔

449-شفاء کے لئے

قرآنی آیت: رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (آیت نمبر ۲۰۱ سورۃ بقرہ)

فضیلت: ایک مسلمان بیمار ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ گیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دعا مانگ: بیمار نے اس دعا کو پڑھنا شروع کیا اور اللہ تعالیٰ نے شفاء دے دی۔ (احمد)

450-بخار اُتارنے کا طریقہ

وظیفہ: بخار کے مریض کی پشت پر انگلی سے کلماتِ اذان لکھیں۔ ان شاء اللہ فوراً بخار اُتر جائے گا۔

451-جریان کا علاج

وظیفہ: جریان کے مریض کو سورۃ حجرات تین مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے ان شاء اللہ شفاء ہوجائے گی۔

452-کثرتِ حیض کا علاج

وظیفہ: حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۃ دھر پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاء اللہ خون کا آنا بند ہوجائے گا۔

453-پڑھائی میں کمزور ہے

وظیفہ: رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ

فضیلت: صبح وشام کے وقت ۱۰۱ مرتبہ رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ایک چمچ شہد پر پڑھ کر پلائیں۔

454-کینسر کا علاج

وظیفہ: فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس مرتبہ پوری بسم اللہ، رحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری سورۃ فاتحہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ کینسر کے مریض کو پلانا نہایت مجرب ہے۔

Scanned with CamScanner

455-بھوک کی زیادتی کا علاج

وظیفہ: یَاصَمَدُ

فضیلت: تین سو مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھانا بھوک کی زیادتی کو دفع ہو گی۔

456-کثرتِ احتلام کا علاج

وظیفہ: بستر پر جاتے وقت سورۂ طارق پڑھ لیا کریں تو کبھی کثرتِ احتلام کا مرض نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہو تو بالکل ختم ہو جائے گا بہت مجرب ہے۔

457-باسور کا عارضہ

وظیفہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

فضیلت: جو فرد باسور کی تکلیف دہ مرض میں مبتلا ہو جائے تو ایسے شخص کے لئے لازم ہے کہ وہ ہر روز اکتالیس مرتبہ ان کلمات کو اور گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی دن میں وقفے وقفے سے استعمال کرے۔ اکیس یوم میں اس مرض سے بفضل تعالیٰ عزوجل نجات مل جائے گی اور بیماری کا نام ونشان باقی بھی نہیں رہے گا۔

458-سخت سے سخت مصیبت سے نجات

وظیفہ: یَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پڑھیں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

یَامَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ یُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ یَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝

ترجمہ: کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو اللہ پر ایمان لائے اللہ اس کے دل کو ہدایت فرما دے گا اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

459-دل کے دورے سے بچاؤ کا عمل

وظیفہ: اِیَّاكَ

فضیلت: جو شخص سوتے وقت اپنا چہرہ قبلہ کی طرف رکھے اور اپنا سیدھا ہاتھ اپنے سیدھے رخسار کے نیچے رکھ کر سوئے ایسے شخص کو کبھی بھی دل کا دورہ یا دل کی بیماریاں نہیں ہوں گی۔

460-اولادِ نرینہ کے لئے

وظیفہ: اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ۝ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِیْزٰى ۝

فضیلت: ان کلمات کو روٹی یا پان پر لکھ کر اکتالیس یوم تک بلاناغہ کھلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم لڑکا پیدا ہوگا۔

461-بے اولادی کا حل

وظیفہ: لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

فضیلت: جب حیض ختم ہو تو کوئی دوسرا باوضو ہو کر یا عورت خود باوضو اور پاک حالت میں سیب یا اُبلے ہوئے انڈے پر چھلکا اُتار کر ان کلمات مبارکہ کو لکھے اور صبح نہار منہ عورت کو کھلا دے یا خود کھالے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ اکیس یوم تک کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اولاد کی نعمت سے سرفرازی ہوگی۔

462-یرقان کا خاتمہ

وظیفہ: اَلْحَسِیْبُ

فضیلت: تین سو مرتبہ اسم باری تعالیٰ کو پانی پر دم کر کے اکیس دن تک پلانے سے ان شاء اللہ یرقان ختم ہو جائے گا۔

463-خارش کا علاج

وظیفہ: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ صبح وشام سات سات مرتبہ سورۂ قدر پانی پر دم کر کے پلانا خارش کے لئے بہت مفید ہے۔

464-کان کے درد کے لئے

وظیفہ: سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝

فضیلت: تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔ ان شاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

465-طاعون اور ہیضہ کا علاج

وظیفہ: ایک مرتبہ ملتان میں طاعون پھیلا، ایک بزرگ نے اپنے معتقدین سے

Scanned with CamScanner

فرمایا کہ طاعون کے مریض پر سورۂ فاتحہ اور بسم اللہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کرو چنانچہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر جس پر دم کیا گیا اللہ تعالیٰ نے ان مریضوں کو شفا بخشی۔

466-جوڑوں کے درد کا علاج

وظیفہ: جس جگہ پر درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر دس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور دس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر دم کرے اور چھوڑ دے پھر مریض سے دریافت کرے کہ آرام آیا یا نہیں، اگر نہیں آیا تو دوبارہ اسی طرح کرے تین بار کے کرنے سے ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

467-دل کے آپریشن سے حفاظت کا عمل

وظیفہ: دل کمزور ہو گیا ہو، دل کے وال بند ہوں یا دل کی رگیں بند یا کمزور ہو گئی ہوں جس کی وجہ سے (انجو پلاسٹی) یا (بائی پاس) کی ضرورت ہو بلکہ دل کے مرض کو دور کرنے کے لئے سورۂ القریش ایک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے اس سورت کو لکھ کر مریض کو پلائے ان شاء اللہ دل کی تمام بیماریاں دور ہوں گی۔

468-ایمان پر خاتمے کا عمل

وظیفہ: اَبُوالْعَبَّاسِ بَلْیَا ابِنْ مَلْکَان

فضیلت: یہ حضرت خضر علیہ السلام کا نام مع ولدیت و کنیت ہے جو مسلمان اس کو یاد رکھے گا اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

469-غم کا علاج

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت: جو شخص قید میں ہو یا کسی غم فکر میں مبتلا ہو تو ان کلمات کو دن اور رات میں ہزار مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

470-پیٹ درد

وظیفہ: یَاعَظِیْمُ

فضیلت: یَاعَظِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے تو ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

471-جزام کا علاج

وظیفہ: اَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّہٗٓ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝
(الانبیاء:۸۳)

فضیلت: اس آیت کو پڑھ کر جزام کے مریض پر دم کرنے سے مرض جاتا رہے گا۔

472-روزگار میں برکت کے لئے

وظیفہ: یَالَطِیْفُ

فضیلت: روزانہ سو مرتبہ پڑھنے سے روزگار میں برکت ہوگی۔

473-شہادت کے حصول کے لئے

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَہَادَۃً فِیْ سَبِیْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

فضیلت: ہر نماز کے بعد اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھنے سے مدینہ منورہ میں شہادت کی موت نصیب ہوگی۔

474-لقوہ سے حفاظت کا عمل

وظیفہ: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے کبھی بھی لقوہ نہ ہوا سے چاہیے کہ وہ ہر روز اشراق کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ سورۂ الشمس پڑھ لیا کرے اللہ تبارک و تعالیٰ اسے لقوہ سے محفوظ رکھے گا اور وہ کبھی بھی اس مرض کا شکار نہ ہوگا۔

475-دین کی حفاظت

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ

فضیلت: تین تین مرتبہ صبح و شام اس دعا کو پڑھنے سے دین، ایمان، جان، مال اور اولاد سب محفوظ رہیں گے۔

476-حافظہ کے لئے

وظیفہ: رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ

فضیلت: وظیفہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں نہار منہ۔ کسی بھی نماز کے بعد سورۃ اقراء پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔ یَابَرُّ بچہ پڑھے فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ۔

477-عہدہ پر بحال ہونا

وظیفہ: یَا کَبِیْرُ

فضیلت: جو شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے وہ اپنے عہدے پر بحال ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

478-وسیع رزق کے لئے دعا

قرآنی آیت: اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝

(پارہ نمبر ۳ سورۃ ال عمران آیت نمبر ۳۷)

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے حساب رزق عطا فرماتے ہیں۔

479-بیٹا کی خواہش کا پورا ہونا

فضیلت: حمل کے آغاز سے لے کر نو مہینہ تک ہر روز باوضو ہو کر چینی کی صاف پلیٹ پر سورۃ والتین لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ اپنی بیوی کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اولاد نرینہ پیدا ہو گی۔

480-علم و معرفت کے لئے

وظیفہ: یَا عَلِیْمُ

فضیلت: جو شخص تین سو تیرہ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اس پر علم و معرفت کے دروازے اللہ تعالیٰ کھول دے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

481-گردے میں پتھری ہو تو

وظیفہ: روزانہ چار گلاس پانی پر سورۃ یونس ایک مرتبہ پڑھ کر یا پڑھوا کر دم کریں پھر نہار منہ ایک یا دو گلاس پانی پئیں پھر پورا دن اس بوتل سے پانی پئیں یہ عمل روزانہ کریں ان شاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا۔

482-مغفرت اور رزق میں برکت کی دعا

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ

ترجمہ: اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور میرے گھر میں میرے لئے گنجائش عطا فرما اور میرے رزق میں برکت دے۔ (نسائی)

483-ظالم سے بچاؤ

وظیفہ: حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

فضیلت: جو شخص مظلوم اور ظالم کے خائف ہو وہ ان کلمات کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ عز و جل خود اس ظالم سے انتقام لے لیں گے۔

484-سپاٹ چھاتیوں کا علاج

وظیفہ: یَا مَاجِدُ

فضیلت: جس عورت کی چھاتیاں سپاٹ ہوں اور ان میں ابھار اور سڈول نہ ہو تو وہ اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو بعد از نماز عشاء وہ عورت ایک ہزار مرتبہ اس اسم الٰہی کو گیارہ روز تک پڑھ کر اپنی چھاتیوں پر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نفع ہو گا۔

485-بیماری خاص کر بواسیر کے لئے

وظیفہ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ عَلَیْہِ

پھر سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

طریقہ: ہر روز دو رکعت نماز پڑھے پھر وظیفہ پڑھیں اللہ ان شاء اللہ شفاء دے گا۔

486-دشمن دوست ہو

وظیفہ: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

فضیلت: جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا دشمن اس کا دوست ہو جائے تو وہ جمعہ کے دن ہر نماز کے بعد ان کلمات کو بکثرت پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ عز و جل اس عمل کثرت سے دشمن کے دل میں اس کے خلاف پیدا شدہ نفرت محبت میں بدل جائے گی اور وہ دشمنی ختم کرنے اور دوستی کی طرف مائل ہو گا۔

487-قوت حافظہ ونسیان

وظیفہ: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

Scanned with CamScanner

فضیلت: اس مقصد کے لئے بروز جمعرات آفتاب کے وقت ایک پاؤ میٹھی کھیلیں (بھنے ہوئے چنے) لے کران پر ایک سوایک مرتبہ ان کلمات کو اکتالیس مرتبہ اور اول و آخر درود شفاء اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور کھیلوں سے نوتا گیارہ دانے روزانہ کمزور حافظے والا بسم اللہ شریف پڑھ کر کھالیا کرے۔ اس سے اس شخص کی قوت حافظہ دم بدم قوی ہوتی جائے گی اور وہ کوئی بھی بات بھولنے نہ پائے گا۔

488- سینے کے درد کا علاج

وظیفہ: سورہ فاتحہ اور سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ

فضیلت: سورہ فاتحہ اور سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ باوضو ہو کر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اگر کوئی خود پڑھنا چاہے تو اپنا سیدھا ہاتھ سینے پر رکھتے ہوئے پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

489- گردن کے درد کا علاج

وظیفہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ. حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ. فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

فضیلت: بعد نماز فجر اکتالیس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر گردن پر دم کیا جائے ان شاء اللہ گردن کا درد جاتا رہے گا۔

490- ہر پریشانی کے لئے

قرآنی آیت: فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝

(پارہ نمبر ۳۰ آیت نمبر ۵، ۶ سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ)

ترجمہ: سو بیشک موجودہ مشکلات کے ساتھ آسانی ہونے والی۔ بیشک موجودہ مشکلات کے ساتھ آسانی ہونے والی ہے۔

491- سرطان پھوڑے پھنسی یا طاعون کے لئے

وظیفہ: يَا مَلِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا سَلَامُ

فضیلت: صبح و شام پڑھیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان بیماریوں سے محفوظ رکھے گا۔

492- بیہوش کے لئے

وظیفہ: یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ

فضیلت: اگر بیمار بیہوش ہو گیا ہو اس کے پاس سرہانے بیٹھ کر تین سو دفعہ یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ پڑھا جائے پڑھتے ہی ان شاء اللہ بہت جلد مریض ہوش میں آئے گا۔

493- اللہ سے مدد مانگنے کی دعا

قرآنی آیت: فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ (پارہ نمبر ۱۷ سورۃ الحج آیت ۷۸)

ترجمہ: سو کیا اچھا کارساز (اللہ) ہے اور کیا اچھا مددگار (اللہ) ہے۔

495- دشمنوں سے نجات کیلئے

قرآنی آیت: فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

(پارہ اول سورۃ البقرۃ آیت نمبر ۱۳۷)

ترجمہ: تمہاری طرف سے ہم عنقریب ہی نبٹ لیں گے اور (اللہ تعالیٰ) سنتے ہیں اور جانتے ہیں۔

496- تنگی اور مصیبت کے وقت

وظیفہ: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

فضیلت: تنگی اور مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھیں۔

497- وضو کا فائدہ

وظیفہ: دوسرا کلمہ شہادت

فضیلت: بسم اللہ پڑھ کر کامل وضو کر کے دوسرا کلمہ شہادت پڑھے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں جس سے چاہے اندر چلا جائے گا۔

498- جو دعا مانگو قبول ہو

وظیفہ: تیسرا کلمہ، چوتھا کلمہ

فضیلت: رات کو تیسرا اور چوتھا کلمہ پڑھ کر جو دعا مانگو قبول ہو۔ (مسند احمد)

Scanned with CamScanner

499-اگر وبا پھیلی ہوئی ہو

وظیفہ: سورۃ تغابن

فضیلت: اگر وبا پھیلی ہوئی ہو تو سورۃ تغابن پڑھیں۔

500-استغفار

فضیلت: مسند احمد میں فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ بکثرت استغفار کرنے سے ہر غم سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

501-برائے درد گردن

وظیفہ: کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورہ مزمل شریف لکھ کر اوپر سورہ مزمل شریف پانچ بار پڑھ کر دم کر کے گردن پر موم جامہ کر کے باندھ دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز بفضل خداوند تعالیٰ عزوجل درد گردن رفع ہو جائے گا اور مکمل آرام آجائے گا۔

503-سرکش کی سرکوبی کے لئے

وظیفہ: یَا اَکْبَرُ

فضیلت: اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ذکر بکثرت کرے گا، اللہ تعالیٰ عزوجل اسے شائستگی اور امور زندگی میں باقاعدگی کے اوصاف سے بہرہ ور کرے گا اور اسے عوام و خواص کی نظروں مین ایسی عزت وحرمت عطا فرمائے گا کہ ہر سرکش اس کے سامنے ذلیل وسرنگوں ہوجائے گا۔

504-سردرد یا نصف سردرد

وظیفہ: سورۃ اخلاص

فضیلت: سورۃ اخلاص پڑھے اور دم کرے ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

505-نظر بد سے بچنے کی دعا

قرآنی آیت: مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (سورۃ کہف پارہ نمبر ۱۵ آیت نمبر ۳۹)

ترجمہ: جو اللہ نے چاہا ہو گیا اس کے فضل کے علاوہ کوئی طاقت نہیں۔

جادو ٹونہ، وبائی اَمراض اور قُدرتی حادثات سے بچاؤ کے لئے صحیح سُنت وظائف

مُرشد کامل، اِمامُ الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحیح اَحادیث کے نمبرز علمائے حرمین اور بیروت کی جاری شدہ اِنٹرنیشنل نمبرنگ کے مطابق ہیں۔

(1) اٰیَةُ الْکُرْسِی (اَلبقرۃ:255) پڑھنے والا شیطان اور جنات سے محفوظ ہوجاتا ہے اور اللہ اُس کی حفاظت کے لئے ایک مُحافظ مقرر فرمادیتا ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ .... وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ O

(بُخاری:2311، السُنن الکُبریٰ للنسائی:8017، المُستدرک للحاکم:2064) (1 مرتبہ صبح اور شام)

(2) مُعَوِّذَات کی تلاوت ہر شے سے کافی ہوجاتی ہے۔ یہ تین سورتیں شیطان، جنات اور جادو کے خلاف اللہ کی پناہ میں آنے کا ذریعہ ہیں:

(i) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ O (ii) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ O.. (iii) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ O

(جامع ترمذی:3575، سُنن ابی داؤد:5082، سُنن نسائی:5429) (تینوں 3 مرتبہ صبح اور شام)

(3) اِن کلمات کا ثواب چار غلام آزاد کرنے کے برابر ہے۔ اور اللہ تمام دن اور رات میں ہر خطرناک چیز اور شیطان سے بچاؤ فرمادیتا ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ کیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں، اُسی کے لئے تمام بادشاہت ہے اور اُسی کے لئے ہی تمام تعریف ہے، اور وہ ہر شے پر مکمل قدرت رکھتا ہے۔

(مُسلم:6844، سُنن ابی داؤد:5077، سُنن ابن ماجہ:3867) (10 مرتبہ صبح اور شام)

(4) یہ دعا پڑھنے والے کو نہ تو کوئی شے نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ ہی کوئی ناگہانی آفت اور مصیبت ہی اُسے پہنچے گی۔ (اِنشاء اللہ تعالیٰ):

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام (کی برکت) سے زمین وآسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔

(جامع ترمذی:3388، سُنن ابی داؤد:5088، سُنن ابن ماجہ 3869) (3 رتبہ صبح اور شام)

Scanned with CamScanner

(5) یہ دعا پڑھنے والے کو زہریلے جانور (مثلاً بچھو، سانپ، کیڑوں اور مچھر وغیرہ) کا ڈنگ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ):

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

ترجمہ: میں اللہ کے کلمات کاملہ کے ساتھ (اللہ تعالیٰ کی) پناہ پکڑتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی۔ (مسلم:6880، مسند احمد:290/2,7885) (3 رتبہ صبح اور شام)

نوٹ: اللہ تعالیٰ کی ''حمد'' اور اُس کے محبوب ﷺ پر ''درود شریف'' پڑھنا دعاؤں کی قبولیت کا ذریعہ ہیں: (جامع ترمذی:593)

طب النبی ﷺ

جسم اور زندگی کی حفاظت سے متعلق رسول ﷺ سے کافی احادیث نقل کی گئی ہیں جو مختلف احادیث کی کتابوں مین موجود ہیں میں یہاں ان کو آپ لوگوں کے لئے تحریر کر رہا ہوں تا کہ آپ حضرات اُن کا مطالعہ کر کے علم حاصل کر سکیں۔

1- رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سوائے موت کے کسی بھی مرض کو بغیر علاج کے خلق نہیں کیا۔

2- رسول ﷺ نے فرمایا ہے جن لوگوں کے جسم پر پیدائشی آبلے کا کوئی نشان ہو تو اُن کی عمر طویل ہوگی۔

3- رسول ﷺ نے فرمایا ہے ہر بیماری کی جڑ سر کا درد ہے۔

4- رسول ﷺ نے فرمایا ہے جب تک بھوک نہ لگے کھانا مت کھاؤ اور اسی طرح جب کچھ بھوک باقی ہو تو کھانے سے ہاتھ کھینچ لو۔

5- رسول ﷺ نے فرمایا ہے انسان کا معدہ تمام بیماریوں کا مرکز ہے۔

6- رسول ﷺ نے فرمایا ہے ہر علاج کا بنیادی اصول درد اور بیماری کی جگہ کو گرم رکھنا ہے۔

7- رسول ﷺ نے فرمایا ہے اپنے نفس کو جو عادت ڈال دی ہے اُسے اسی حال پر چھوڑ دو۔

8- رسول ﷺ نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ اُس دستر خوان کو پسند فرماتا ہے جس کے

ارد گرد کھانے والے زیادہ سے زیادہ ہوں۔

9- رسول ﷺ نے فرمایا ہے گرم کھانے میں برکت کم ہوتی ہے اس کے برعکس ٹھنڈے کھانے میں برکت زیادہ ہوتی ہے۔

10- رسول ﷺ نے فرمایا ہے کھانا کھاتے وقت اپنے جوتوں کو اتار دیا کرو کیونکہ یہ بہترین طریقہ ہے اس سے پیروں کو سکون ملتا ہے۔

11- رسول ﷺ نے فرمایا ہے جو لوگ اپنے نوکروں کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں جنت ایسے لوگوں کی مشتاق ہے۔

12- رسول ﷺ نے فرمایا ہے بازار یا مجمع عام میں کھانا ایک قسم کی ذلت ہے۔

13- رسول ﷺ نے فرمایا ہے برکت کھانے کے درمیان رکھی گئی ہے اس لیے کھانے کے دوران کھانے سے ہاتھ مت کھینچو۔

14- رسول ﷺ نے فرمایا ہے کھانے کے بعد اپنے دانتوں میں خلال کرو کیونکہ خلال کرنا ایک قسم کی پاکیزگی ہے اور پاکیزگی ایمان کا جزو ہے اور ایمان مومن کے ساتھ جنت میں ہوگا۔

15- رسول ﷺ نے فرمایا ایک ہی دستر خوان پر مختلف غذائیں کھانے سے اجتناب کرو کیونکہ اس طرح کی غذا بابرکت نہیں ہوتی۔

16- رسول ﷺ نے فرمایا جو شخص بھوکا ہوتے ہوئے اپنی عزت نفس کی خاطر اپنی بھوک کو دوسروں سے چھپائے تو اللہ اس کے لئے ایک سال کا حلال رزق مقرر فرما دیتا ہے۔

17- رسول ﷺ نے فرمایا جو کوئی اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے مہمانوں کی عزت کرے۔

18- رسول ﷺ نے فرمایا جو کم کھاتا ہے روز قیامت اُس کا حساب بھی ہلکا ہوگا۔

19- رسول ﷺ نے فرمایا ہے پینے والی چیزوں کو کھڑے ہو کر پینے سے اجتناب کرو۔

20- رسول ﷺ نے فرمایا سحر کو بیدار ہو جاؤ تا کہ آسمانوں کی برکت پا لو۔

21- رسول ﷺ نے فرمایا تمہاری غذا میں بہترین غذا روٹی اور پھلوں میں بہترین

Scanned with CamScanner

پھل انگور ہے۔

22- رسول ﷺ نے فرمایا روٹی کو چھری سے مت کاٹو جس طرح اللہ نے اسے محترم قرار دیا ہے تم بھی اسی طرح اس کا احترام کرو۔

23- رسول ﷺ نے فرمایا جو لوگ کھانے سے پہلے تھوڑا نمک چکھ لیتے ہیں وہ لوگ تین قسم کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

24- رسول ﷺ نے فرمایا اپنے کھانے کا آغاز نمک سے کرو۔

25- رسول ﷺ نے فرمایا پیاس کی حالت میں پانی کا گھونٹ گھونٹ کر کے پیو ایک دم سے ہرگز نہ پیو۔

26- رسول ﷺ نے فرمایا جن لوگوں کو زیادہ کھانے اور پینے کی عادت ہوتی ہے وہ سنگ دل ہوتے ہیں۔

27- رسول ﷺ نے فرمایا جس حد تک ہو سکے بھیڑ کا گوشت استعمال کرو۔

28- رسول ﷺ نے فرمایا جو شخص صرف پھل کھائے تو وہ کوئی نقصان نہیں اٹھائے گا۔

29- رسول ﷺ نے فرمایا درج ذیل چیزوں سے نسیان کی بیماری ہوتی ہے۔(۱) پنیر کھانا (۲) چوہے کا جھوٹا کھانا (۳) کھٹا سیب کھانا۔ (۴) دو عورتوں کے درمیان سے گزرنا (۵) جس کو فانسی دی گئی ہو اُس کے جسم کو دیکھنا (۶) قبروں کی تختیاں پڑھنا۔

30- رسول ﷺ نے فرمایا شہد بہترین غذا ہے یہ دل کو تروتازگی عطا کرتا ہے اور حافظے کو قوی کرتا ہے۔

31- رسول ﷺ نے فرمایا حمل کے بعد عورت کو پہلی غذا کھجوریں دیں۔

32- رسول ﷺ نے فرمایا اللہ نے کھجور اور انار کو آدمؑ کی طینت سے پیدا کیا ہے۔

33- رسول ﷺ نے فرمایا کھجور کو ناشتے میں کھاؤ تا کہ تمہارے اندرونی جراثیم کا خاتمہ ہو جائے۔

34- رسول ﷺ نے فرمایا انجیر فالج کے مرض کی دوا ہے۔

35- رسول ﷺ نے فرمایا نئے پھلوں میں بہت فوائد ہوتے ہیں نئے پھل کھانے

سے جسم تندرست ہو جاتا ہے۔

36- رسول ﷺ نے فرمایا بہ (یہ ایک پھل ہے) جس کے کھانے سے آنکھوں کی بینائی تیز ہوتی ہے۔

37- رسول ﷺ نے فرمایا خربوزہ جنت کا پھل ہے لہٰذا اس کے کھانے سے غفلت نہ کرو۔

38- رسول ﷺ نے فرمایا پھل کو چھری سے ٹکڑے کرنے کی بجائے دانتوں سے کھانے میں زیادہ بہتر ہے۔

39- رسول ﷺ نے فرمایا خربوزہ مثانے کو صاف کرتا ہے معدے کو ہلکا کرتا ہے جسم کی جلد کو تروتازہ رکھتا ہے۔

40- رسول ﷺ نے فرمایا انار کا رس جسم کے اندرونی حصے کو صاف کرتا ہے۔

41- رسول ﷺ نے فرمایا ترنج (بڑا لیمو) دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔

42- رسول ﷺ نے فرمایا انجیر نقرس اور بواسیر کے مریضوں کے لیے بہت مفید ہے۔

43- رسول ﷺ نے فرمایا کشمش صفرا کو اُبھرنے سے روکتی ہے اور بلغم کو کم کرتی ہے۔

44- رسول ﷺ نے فرمایا کدو کھاؤ کیونکہ یہ سبزی دماغ کو قوت دیتی ہے۔

45- رسول ﷺ نے فرمایا جب جناب نوحؑ غم کا شکار ہوتے تو اللہ کی وحی ہوئی کہ کھیر کھاؤ۔

46- رسول ﷺ نے فرمایا دن میں ایک بار نرگس کا پھول سونگھوں اگر ممکن نہ ہو تو ہفتے میں ایک ماہ میں یا ایک سال میں اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو پھر زندگی میں ایک بار ضرور سونگھوں اس سے جزام، برص، اور جنون کے مرض سے محفوظ رہو گے۔

47- رسول ﷺ نے فرمایا اپنے دستر خوان کو سبزی سے زینت دو اس لیے کہ سبزی دستر خوان سے شیاطین کو دور کر دیتی ہے۔

48- رسول ﷺ نے فرمایا جس حد تک ممکن ہو لہسن استعمال کرو کیونکہ یہ ستر

Scanned with CamScanner

بیماریوں کی دوا ہے لیکن اس کی بو کے ساتھ مسجد جانے سے پرہیز کرو اور لوگوں کی محفل میں بھی جانے سے پرہیز کرو۔

49- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نئے شہر میں جاؤ تو وہاں کی سبزی کھاؤ بیماری سے بچ جاؤ گے۔

50- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا شب معراج مجھے اور میری اُمت کو خون فصد کرانے کی تاکید کی گئی۔

51- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مٹی کھانے سے پرہیز کرو اس لئے کہ مٹی کھانا میری اُمت پر حرام ہے۔

52- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا زکام سے مت گھبراؤ کیونکہ یہ تمہیں جنون سے محفوظ رکھتا ہے۔

53- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کلونجی ہر درد کی دوا ہے سوائے موت کے کہ اس کی کوئی دوا نہیں ہے۔

54- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اجوائن کثرت سے استعمال کرو کیونکہ یہ عقل کی تقویت کے لئے انتہائی مؤثر ہے۔

قرآن پاک اور تاکید شفا

فی زمانہ جہاں دین کے اور کاموں میں یوماً فیوماً تنزل و انحطاط ہے وہاں اس امر میں بھی انحطاط و کمی ہے کہ اہل اسلام کا قرآن پاک اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تمسک کم ہوتا جاتا ہے۔ ادعیہ اور تعویذ وغیرہ میں بھی قرآن پاک سے تمسک فی زمانہ کم ہے حالانکہ متقدمین صحابہ ؓ تابعین، تبع تابعین، ہم رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حالات کو دیکھیں تو قرآن پاک و حدیث شریف کے سوا اور کوئی چیز ان کے عمل درآمد میں نہ تھی اور وہ اپنے دینی مسائل، تمدن و طرز معاشرت، مصیبت و آفت ہر قسم کی ضرورت میں انہی سے فائدہ اٹھاتے تھے اس کے علاوہ خود خداوند تقدس و تعالیٰ کا ارشاد ہے:

''تم سب حبل اللہ (اللہ کی رسی) کو مضبوط تھامے رہے۔''

معالم التنزیل میں امام بغوی ؒ نے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں فرمایا:

قتادہ ؓ اور سدی ؒ نے فرمایا کہ حبل اللہ سے مراد قرآن پاک ہے۔ اور ابن مسعود ؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''حبل اللہ قرآن مجید ہے اور قرآن نور روشن ہے قوت اور جس نے اس کی پیروی کی اس کے لئے نجات ہے۔''

حدیث شریف میں بھی اس کے بارے میں بہت کچھ ہدایت آئی ہے۔

ابن قانع ؒ ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ اس نے بیان کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ شفا چاہو اس چیز سے جس کے ساتھ اللہ نے اپنے نفس کی حمد کی قبل اس کے کہ اپنے خلق کی تعریف بیان کرے اور شفا چاہو اس چیز سے جس کے ساتھ اللہ نے اپنے نفس کی بدح کی۔''

ہم لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''سورہ الحمد اللہ اور قل ھو اللہ احد۔ پس جس شخص کو قرآن نے شفا نہ دی اس کو خدا شفا نہ دے گا۔''

حضرت علی ؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے دواؤں میں عمدہ قرآن پاک ہے۔ واثلہ ابن الاشفع روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درد گلو کی شکایت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ ''تم قرآن پڑھو کہ قرآن میں شفا ہے۔''

ابن مردویہ ابن سعید خدری ؓ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا اور شکایت کی کہ میرے سینے میں کچھ درد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

''قرآن پڑھو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا کہ قرآن سینے کی بیماریوں کے لئے شفا ہے۔''

ابن مسعود ؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ ''تمھارے پاس دو شفا ہیں۔ قرآن اور شہد۔'' (ابن ماجہ)

''قرآن سے تبرک حاصل کرو کیونکہ یہ خدا کا کلام ہے۔''

مذکورہ آیت پاک اور ان تمام احادیث سے اس امر کی ہدایت اچھی طرح ثابت ہو گئی کہ مسلمانوں کو اپنی ہر حاجت و بیماری میں کلام خداوندی یعنی قرآن پاک کے شفا

چاہنا اور اس پر عمل در آمد رکھنا نہایت ضروری ہے اور اتباع سنت اسی میں ہے۔

دعا کی فضیلت

ترجمہ: ”تم مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا۔“

اس کی فضیلت اسی سے ظاہر ہے کہ خود خدائے برتر و بے نیاز بندے کو اس امر کی ہدایت فرماتا ہے:

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ رسول اللہ ﷺ کون سی دعا افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ”یہ کہ تو اپنے رب سے دنیا و آخرت میں عافیت اور معافات (یعنی گناہوں سے درگزر) کا سوال کرے۔“ وہ دوسرے دن پھر آیا اور وہی سوال کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ کون سی دعا افضل ہے؟

آپ ﷺ نے پھر وہی پہلا جواب عنایت فرمایا۔ وہ شخص تیسرے دن پھر حاضر خدمت ہوا اور اس نے وہی سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اس کو وہی پہلا جواب دیا اور ارشاد فرمایا کہ:

”جب تجھے دنیا و آخرت میں عافیت نصیب ہو گئی تو تو کامیاب ہو گیا۔“

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباسؓ سے فرمایا۔ ”کثرت سے عافیت کی دعا کیا کرو۔“

ترجمہ: ”جس کے لئے دعا کا دروازہ کھل گیا، اس کے لئے جنت کے دروازے کھل گئے۔“ دوسری روایت میں ہے کہ اس کے لئے جنت کے دروازے کھول دیئے گئے۔ (حاکم)

ایک اور حدیث میں یوں ہے کہ اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے اور اللہ سے کسی چیز کا سوال نہیں کیا گیا جو اس کے نزدیک عافیت کے سوال سے بہتر ہو۔ (ترمذی)

اور فرمایا کہ ”جو شخص کو یہ بات خوش کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا سختیوں اور بے

چینیوں میں قبول کرے، اسے چاہئے کہ خوشحالی کے وقت کثرت سے دعا کرے۔“ (ترمذی)

دعا میں سستی کرنا بڑی محرومی ہے۔ دشمنوں سے نجات کے لئے اور طرح طرح کی مصیبتوں کے دور ہونے کے لئے بہت سی تدبیریں کرتے ہیں مگر وہ نہیں کرتے جو ہر تدبیر سے آسان ہے اور ہر تدبیر سے بڑھ کر مفید ہے۔ یہ سمجھ لیں کہ جائز تدبیروں کے چھوڑنے کی ترغیب نہیں دی جا رہی بلکہ سب بڑی تدبیر، یعنی دعا کی طرف متوجہ کرنا مقصود ہے دنیا میں بھی نافع ہے اور آخرت میں بھی اجر و ثواب دلانے والی ہے۔

اس حدیث پاک میں دعا قبول ہونے کا ایک بہت بڑا گر بتایا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ آرام و راحت اور مال و دولت اور صحت و تندرستی کے زمانہ میں برابر دعا کرتے رہنا چاہیے۔ جو شخص اس پر عمل پیرا گا اس کے لیے اللہ جل شانہ کی طرف سے یہ انعام ہو گا کہ جب بھی کسی پریشانی میں مبتلا ہو گا یہ کسی مصیبت سے دوچار ہو گا یا کسی مرض میں گرفتار ہو گا اور اس وقت دعا کرے گا تو اللہ جل شانہ ضرور اس کی دعا قبول فرمائیں گے۔ اس میں ان لوگوں کو تنبیہ ہے جو آرام و راحت اور مال و دولت کی برتری کی وجہ سے خدائے پاک کی یاد سے غافل ہو جاتے ہیں۔ اور دعا کی طرف متوجہ نہیں ہوتے اور مصیبت آ گھیرتی ہے تو دعا کرنی شروع کر دیتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو بھی کوئی مسلمان کسی سوال کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے چہرہ کو اٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا سوال ضرور پورا فرما دیتا ہے یا تو اس کو اسی دنیا میں اس کے سوال کے مطابق عنایت فرما دیتا ہے اور یا اس دعا کو اس کے لئے (آخرت کا) ذخیرہ بنا دیتا ہے۔ (مسند احمد)

ایک اور جگہ ارشاد ہے: ”جب بھی کوئی مسلمان دعا کرتا ہے جس میں گناہ اور قطع رحمی کا سوال نہ ہو تو اللہ جل شانہ اس دعا کی وجہ سے اس کی تین چیزوں میں سے کوئی ایک چیز ضرور عطا فرما دیتا ہے۔ یا تو اس کی دعا اسی دنیا میں قبول فرما لیتا ہے اور اس کا سوال پورا فرما دیتا ہے یعنی جو مانگتا ہے وہ دے دیتا ہے۔

یا اس کی دعا کو آخرت کے لئے ذخیرہ بنا کر رکھ دیتا ہے (جس کا ثواب آخرت میں

Scanned with CamScanner

دے گا۔) یا دعا کرنے والے کو اس کی مطلوبہ شے کے برابر (اس طرح دیتا ہے کہ) آنے والی مصیبت کو ٹال دیتا ہے۔" یہ سن کر صحابہؓ نے عرض کیا کہ اس طرح تو ہم بہت زیادہ کمائی کر لیں گے۔ آنحضرت ﷺ نے (اس کے) جواب میں فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ کی عطا اور بخشش اس سے بہت زیادہ ہے (جس قدر تم دعا کرو گے)۔" (مشکوۃ)

قضا و قدر کے حوالہ سے دعا کی فضل و برکت بیان کرتے ہوئے آنحضور ﷺ نے فرمایا: "دعا کے سوا کوئی چیز قضا کو رد نہیں کر سکتی اور نیکی کے سوا کوئی چیز عمر کو نہیں بڑھا سکتی۔" (ترمذی)

دعا کی شرائط

یعنی وہ چیزیں جن پر دعا قوف تو ہے مگر وہ داخل دعا نہ ہوں۔ وہ یہ ہیں:

1- کھانے پینے، لباس، کھائی میں حرام سے بچنا یعنی قبولیت دعا کے لئے ضروری ہے کہ دعا کرنے والے کی غذا حلال کمائی سے ہو اور اس کا لباس شروع سے جائز اور حلال روزی سے ہو اور جو کمائی کرتا ہو وہ بھی شرع سے جائز ہو کیونکہ حدیث شریف میں وارد ہے:

"ایک شخص جو سفر دور دراز (ظاہراً) میں ہو اور نہایت پریشانی و پراگندگی کے ساتھ ہاتھ اٹھا کر یارب یارب کہے (یعنی دعا کرے) حالانکہ اس کا کھانا پینا اور پہناوا حرام سے ہو اور حرام کمائی ہی صرف میں لاتا ہو (تو تعجب ہے) اس کی دعا قبول (کیسے) ہو۔" (مسلم) اس سے معلوم ہوا کہ قبولیت دعا کے لیے ان امور سے بچنا ضروری ہے۔

2- پاکیزگی یعنی نجاست حقیقی اور حکمی سے پاک ہونا چاہیے۔ نجاست حقیقی سے پاک ہونا یہ ہے کہ اگر بدن کپڑے پر کوئی ناپاک شے لگی ہو تو اسے پاک کرے اور نجاست حکمی سے پاک ہونا یہ ہے کہ اگر نہانے کی حاجت ہو تو نہا لے اور اگر وضو ہو تو وضو کر لے۔

یہ دو قسمیں تو نجاست ظاہری کی ہوئیں۔ جس طرح ان سے پاک ہونا چاہیے اسی

طرح نجاست باطنی سے بھی پاک ہونا چاہیے اور وہ بھی دو قسم پر ہے۔ ایک تو گناہ کی نجاست جس سے دل نجس ہو جاتا ہے۔ اس سے پاک ہونے کی صورت تو یہ ہے کہ گناہ سے توبہ کرے۔ دوسرے ماسویٰ اللہ کی محبت یعنی غیر اللہ کی محبت سے دل کو پاک کرنا۔ پہلی تین قسموں میں تو تمام و خاص سب شریک ہیں اور اخیر قسم خاص اہل اللہ کا حصہ ہے۔

3- دعا کے پہلے اور پیچھے خدا کی حمد کرنا اور رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنا کیونکہ حدیث شریف میں وارد ہے:

فضالہ بن عبیدؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

"ہم میں سے کوئی جب دعا مانگے تو پہلے اللہ تعالیٰ کی بزرگی و ثنا کا ذکر کر کے پھر نبی ﷺ پر درود بھیجے پھر جو چاہے مانگے۔"

اور حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ دعا آسمان اور زمین کے درمیان معلق رہتی ہے یعنی درجہ قبولیت کو نہیں پہنچتی جب تک کہ رسول اللہ ﷺ پر درود نہ بھیجے۔

ابوسفیان دارانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ "جب تو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت مانگے تو درود سے شروع کر اور درود ہی پر ختم کر کیونکہ اللہ تعالیٰ درود کو لامحالہ قبول فرمائے گا تو اس کی بخشش اور کرم سے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اول و آخر کو تو قبول فرمائے اور درمیان کو چھوڑ دے۔"

دعا کی قبولیت کے اوقات

جن اوقات میں دعا قبول ہونے کی زیادہ امید ہے وہ یہ ہیں:

1- شب قدر۔ (ترمذی، نسائی ابن ماجہ، حاکم عن، عائشہؓ)

2- عرفہ کا دن۔ (ترمذی عن عمرو بن شعیبؓ)

3- رمضان المبارک کا مہینہ۔ (بزار عن عبادۃ ابن الصامتؓ)

4- شب جمعہ۔ (ترمذی، حکم، عن ابن عباسؓ)

5- جمعہ کا دن۔ (ابوداؤد، نسائی ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم، عن ابی ہریرہؓ)

Scanned with CamScanner

6- آدھی رات کے بعد صبح صادق ہونے تک نماز اور قبولیت دعا کے لئے بہت مبارک وقت ہے۔ جب بھی آنکھ کھل جائے اللہ پاک سے کچھ نہ کچھ ضرور دعا مانگ لیں اور نفل پڑھ لیں تو بہت ہی بڑے ثواب کے مستحق ہیں۔

ایک حدیث میں ہے کہ جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے تو ہمارا رب تبارک وتعالیٰ آسمان دنیا پر تجلی فرماتا ہے۔ اور ارشاد فرمایا ہے کہ ”کون ہے مجھ سے دعا کرنے۔ پس میں اسے دے دوں۔ کوئی ہے جو مغفرت طلب کرے، پس میں اس کی مغفرت کردوں۔“ (بخاری مسلم)

7- پہلی تہائی رات۔ (احمد ابو یعلی)

8- پچھلی تہائی رات۔ (مسند احمد)

9- پچھلی تہائی رات کا درمیانی وقت۔ (ابوداؤد، ترمذی، نزائی، طبرانی، بزار، عن عمرو بن عبسہؓ)

اور ساعت جمعہ ان سب اوقات میں سب زیادہ بڑھ کر امید رکھنے کے لائق ہے اور اس کا وقت امام کے منبر پر بیٹھنے سے لے کر ختم ہونے تک ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ ”بلاشبہ جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ جس میں کوئی مسلمان بندہ اللہ تعالیٰ سے سوال کرے گا تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کو عطا کرے گا۔“ (مشکوۃ عن البخاری ومسلم)

یہ گھڑی کونسی ہے؟ اس کے بارے میں روایت اور اقوال مختلف ہیں۔ ان میں سے چند روایات اور اقوال مصنف نے یہاں نقل کئے ہیں۔ اور خود ان کی اپنی رائے ہے کہ یہ گھڑی جمعہ کی نماز میں امام کے سورہ فاتحہ پڑھنے سے لے کر آمین کہنے تک کے درمیان ہے اور سب سے آخر میں علامہ نووی کا قول نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ”صحیح اور درست ترین بات وہ ہے کہ جو صحیح مسلم میں حضرت موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ یہ گھڑی امام کے خطبہ کے لیے منبر پر بیٹھنے سے لے کر نماز جمعہ ختم ہونے تک ہے۔ چونکہ یہ ارشاد نبوی ﷺ ہے اور صحیح سند سے ثابت ہے اس لئے علامہ نووی نے اسی کو صحیح ترین قول قرار دیا۔ اگرچہ ترمذی وغیرہ میں یوں بھی

ارشاد نبوی ﷺ نقل کیا گیا ہے کہ جمعہ کے دن جس گھڑی میں قبولیت دعا کی امید کی جائے اس کو عصر کے بعد غروب آفتاب تک تلاش کرو۔ امام نووی نے صحیح مسلم کی روایت کو صحیح السند ہونے کی وجہ سے ترجیح دی ہے جس کے راوی حضرت ابوموسی اشعریؓ ہیں۔

واضح رہے کہ خطبہ کے دوران زبان سے کوئی ذکر کرنا یا دعا کرنا جائز نہیں۔ نماز میں درود شریف کے بعد جو دعا کرتے ہیں وہ دعا اسی وقت میں ہوجاتی ہے جو حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی روایت میں بیان ہوا۔

بعض حضرات اکابر کو دیکھا گیا ہے کہ وہ ترمذی کی روایت کے مطابق عمل کرتے تھے اور نماز عصر کے بعد مسجد سے نہیں نکلتے تھے وہیں بیٹھے ہوئے غروب آفتاب تک دعا کرتے رہتے تھے۔ ذوق اور شوق اور تڑپ اور طلب کی بات ہے جس سے جتنا ہو سکے اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ مگر اب تو صحیح معنوں میں مانگنے والے ہی نہیں رہے۔

قبولیت دعا کے اوقات میں مصنفؒ نے عرفہ کا دن بتایا ہے یعنی ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو جس وقت حجاج کرام احرام باندھے ہوئے عرفات میں حاضر ہوتے ہیں۔ یہ وقت بھی بہت زیادہ مقبولیت کا ہوتا ہے اس میں دعا ہی کرتے رہنا چاہیے۔ مستحب ہے کہ غروب آفتاب تک پورے وقت میں کھڑے ہو کر دعا ہی کرتے رہنا چاہیے۔ اگر اتنا زیادہ کھڑا نہ ہو سکے تو جس قدر زیادہ کھڑا ہو سکے اس کا اہتمام کرے۔ افسوس ہے کہ بہت سے لوگ اس مبارک وقت کو کھانے پکانے اور بہت سے لایعنی کاموں میں گزار دیتے ہیں بلکہ بہت سے لوگ تو گناہوں میں مصروف رہتے ہیں اور ایک گناہ کبیرہ آج کل یہ رواج پا گیا ہے کہ حجاج کرام پیسے دے دے کر اپنی تصویریں کھنچواتے ہیں اور بعض لوگ ویڈیو اور ٹیپ ریکارڈر کے ذریعے گانا بھی سنتے ہیں اور بعض طالب دنیا اس مبارک موقعہ پر غیر اللہ سے سوال کرتے رہتے ہیں جو بہت بڑی محرومی ہے۔ مشکوۃ شریف میں ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس موقع پر ایک شخص کو دیکھا کہ لوگوں سے سوال کررہا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ”آج کے دن اور اس جگہ میں اللہ کو چھوڑ کر دوسروں سے مانگ رہا ہے۔“ یہ فرما کر اس کو ایک درہ رسید فرمایا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ اس کا وقت قیام نماز سے لے کر سلام پھیرنے تک

Scanned with CamScanner

ہے۔(ترمذی،ابن ماجہ،عن عمرو بن عوفؓ) بعض نے کہا کہ یہ ساعت جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد سے غروب آفتاب تک ہے۔(ترمذی) اور بعض نے کہا ہے کہ یہ جمعہ کے دن کی اخیر ساعت ہے۔ (ابوداؤد، نسائی، مرفوعاً عن جابرؓ موطاامام مالک، حاکم، موقوف علی عبداللہ بن ہشامؓ) اور بعض نے کہا ہے کہ یہ گھڑی طلوع فجر کے بعد سے طلوع آفتاب تک ہے۔

اور بعض نے کہا ہے کہ طلوع صبح صادق سے آفتاب نکلنے کے بعد تک رہے اور حضرت ابوذر غفاریؓ کی رائے ہے کہ وہ ساعت افتاب کے ڈھلنے کے ذرا اوپر کے بعد شروع ہوکر ایک ہاتھ ڈھلنے تک ہے۔

بعض علما کی رائے میں وہ ساعت امام کے نماز جمعہ میں الحمد پڑھنے سے تین گھنٹے تک ہے۔اس سے وہ حدیثیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں میں مطابقت ہو جاتی ہے۔

علامہ نوویؒ نے فرمایا ہے کہ صحیح قول جس کے علاوہ دوسرا قول درست نہیں ہے، وہ ہے جو صحیح مسلم میں ابوموسیٰ اشعریؓ کی حدیث سے ثابت ہے۔

دُعا کب قبول ہوتی ہے؟

وہ حالتیں جن میں دعا زیادہ لائق قبول ہوتی ہے۔ذیل میں ان کو بیان کیا جاتا ہے۔

1- جس وقت نماز کے لئے اذان دی جائے۔(ابوداؤد، حاکم عن سہل بن سعدؓ)

2- اذان اور اقامت کے درمیان کی دعا۔(ابوداؤد، ترمذی، نسائی ابن عباس عن انسؓ)

3- مصیبت وغمزدہ شخص کی اس وقت کی دعا جب کہ موذن حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کہہ چکا ہو۔

4- میدان جہاد میں جب صفیں باندھے ہوئے ہوں۔(ابن حبان، طبرانی، مرفوعاً عن سہل بن سعدؓ (موطاامام مالک موقوفاً علی سہل بن سعدؓ)

5- جنگ کے وقت (جب مومن وکافر) ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہوں۔(ابوداؤد

عن سہلؓ)

6- فرض نمازوں کے بعد۔(ترمذی، نسائی، عن ابی امامہؓ)

7- سجدہ کی حالت میں۔(مسلم ابوداؤد، نسائی، عن ابی ہریرہؓ)

سجدہ میں دعا کی جائے تو خوب اور زیادہ قابل قبول ہوتی ہے کیونکہ اس حالت میں بندہ اللہ تعالیٰ سے بہت زیادہ قریب ہوتا ہے۔

8- تلاوت قرآن شریف کے بعد۔(ترمذی، عن عمران بن حصینؓ)

9- خصوصاً ختم قرآن کے بعد۔(ترمذی، عن عمران وابن ابی شیبہ موقوفاً ابی لبابہ ومجاہد۔(طبرانی، مرفوعاً عن عمرانؓ وابن ابی شیبہ موقوفاً ابی لبابہ ومجاہدؒ) اور خاص کر قرآن مجید ختم کرنے والے کی دعا۔(ترمذی، طبرانی، عن عمران بن حصینؓ)

10- زمزم کا پانی پیتے وقت۔(حاکم عن ابی عباسؓ)

11- میت کے پاس حاضر ہونے کے وقت۔(مسلم، سنن، اربعہ، عن امد سلمہؓ)

12- مرغ کی آواز کے وقت۔(بخاری، مسلم، نسائی عن ابی ہریرہؓ)

13- مسلمانوں کے جمع ہونے کے وقت۔(صحاح ستہ من ام عطیہ اور نصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا)

14- ذکری مجلسوں میں۔(بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، عن ابی ہریرہؓ)

15- امام کے ولاالضالین کہنے کے وقت۔(مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، عن ابی ہریرہ دابی موسیؓ)

16- نماز کی اقامت کے وقت۔(طبرانی، ابن مردویہ عن سہلؓ)

17- بارش ہوتے وقت۔(ابوداؤد، طبرانی، ابن مردویہ عن سہلؓ)

امام شافعیؒ نے اپنی کتاب الام میں اس کو مرسلاً روایت کیا ہے اور فرمایا ہے کہ میں نے نزول باراں کے وقت دعا کا قبول ہونا بہت سے علماء سے سنا ہے اور یاد کیا ہے۔

18- مصنفؒ فرماتے ہیں کہ کعبہ پر پہلی نظر پڑتے وقت بھی دعا قبول ہوتی ہے۔(ترمذی، طبرانی، عن ابی ہریرہؓ)

Scanned with CamScanner

19- سورۃ انعام میں جو ایک ساتھ دو مرتبہ لفظ اللہ آیا ہے ان دونوں کے بیچ میں دعا قبول ہونا مجرب ہے۔

علامہ جوزی فرماتے ہیں کہ ہم نے سب سے علما سے اس آیت کریمہ کے اسم جلالہ کے درمیان دعا کی قبولیت کا آزمودہ ہونا سنا ہے اور یاد کیا ہے۔ اور حدیث عبدالرزاق نے اپنی تفسیر میں شیخ عماد مقدسی سے اس مقام پر دعا کی قبولیت کی تصریح نقل کی ہے۔

استخارہ قرآن مجید

سید رضی الدین طاؤس نے قرآن مجید سے تفاعل کا طریقہ نقل فرمایا ہے۔ استخارہ دیکھنے والے کو چاہیے کہ باوضو ہو کر پہلے تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ تَفَاءَلْتُ بِكِتَابِكَ وَتَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ فَاَرِنِيْ مَا هُوَ الْمَكْتُوْمُ مِنْ سِرِّكَ الْمَكْنُوْنِ فِيْ غَيْبِكَ

اس کے بعد قرآن مجید کھولے جو مضمون داہنی طرف کے صفحہ کے پہلی سطر میں نکلے۔ اس پر عمل کرے اگر آیت رحمت ہے یا اَمر خیر ہے۔ تو وہ کام بہتر ہے۔ اگر آیت غضب ہے تو وہ کام نہ کرے۔

استخارہ تسبیح

آئمہ علیہم السلام سے منقول ہے۔ جس وقت کوئی آدمی چاہے۔ کہ تسبیح کا استخارہ کرے۔ نیت کے بعد تین دفعہ صلوٰۃ پڑھے اور تین دفعہ کہے۔

يَا مَنْ يَعْلَمُ اِهْدِ مَنْ لَا يَعْلَمُ

پھر تسبیح ہاتھ میں لے کر اسے کسی جگہ سے پکڑ لے اور دو دو دانہ الگ کرتا جائے۔ جب دو دانے بچ جائیں۔ تو بد ہے۔ یعنی منع ہے اور اگر ایک دانہ بچ جائے۔ تو درست ہے۔ یعنی جس کام کا ارادہ کیا ہے۔ اس کے کرنے کی اجازت ہے اس استخارہ میں شک نہیں ہے۔ کیونکہ اس طریقہ کو علماء نے حضرت صاحب العصرؑ سے نقل کیا ہے۔